

Registration No.3942
www.idealpakistannews.com
ABC CERTIFIED
DAILY IDEAL PAKISTAN
روزنامہ
آئیڈیل پاکستان
ملتان
اسلام آباد
بانی: غلام مصطفیٰ جتوئی
چیف ایڈیٹر: ساجد جتوئی
0333-9233351
ایڈیٹر: ڈاکٹر بلال راؤ
ایگزیکٹو ایڈیٹر: عارف محمود قریشی
جلد 14 | جمعہ 13 دسمبر 2024ء 10 جمادی الثانی 1446ھ 27 مگھر 2081ب قیمت 15 روپے | شمارہ 92

جو شخص آرمڈ فورسز میں نہیں وہ اسکے ڈسپلن کے نیچے کیسے آسکتا ہے؟ آئینی بنچ

اس طرح تو اگر کوئی اکسانے کا سوچے اس پر بھی آرمی ایکٹ کا اطلاق ہوگا، کیا آرمی ایکٹ نے آئین کے آرٹیکل 8 کے سیکشنز 1 کو غیر موثر نہیں کر دیا، کیا سویلین پر آرمی ایکٹ کا اطلاق ہوسکتا ہے؟ جسٹس جمال مندوخیل کے ریمارکس

کیا ملٹری کورٹ ٹرائل میں وکیل کی اجازت ہوتی ہے؟ کیا ملٹری کورٹ میں ملزم کو تمام مواد فراہم کیا جاتا ہے؟ جسٹس مسرت ہلالی' ملزم کو وکیل اور تمام متعلقہ مواد فراہم کیا جاتا ہے' وکیل وفاقی حکومت' ملٹری کورٹ کیس کی سماعت جمعہ تک ملتوی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ میں خصوصی عدالتوں کے فیصلے کے خلاف انٹرا کورٹ اپیلوں پر سماعت کے دوران جسٹس جمال مندوخیل نے استفسار کیا کہ جو شخص آرمڈ فورسز میں نہیں وہ اس کے ڈسپلن کے نیچے کیسے آسکتا ہے، جس پر وفاقی حکومت کے وکیل خواجہ حارث نے کہا کہ اگر قانون اجازت دیتا ہے تو ڈسپلن کا اطلاق ہوگا۔ جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں سپریم کورٹ کے 7 رکنی آئینی بینچ نے خصوصی عدالتوں کے فیصلے کے خلاف انٹرا کورٹ اپیلوں پر سماعت کی جبکہ دوران سماعت وفاقی حکومت کے وکیل خواجہ حارث نے دلائل دیے۔ جسٹس مسرت ہلالی نے کہا کہ خصوصی عدالتوں کے زیر حراست افراد کی ایف آئی آر کی نقول نہیں دی گئی۔ خواجہ حارث نے کہا کہ خصوصی کورٹس کیس میں عدالتی فیصلہ 2 حصوں پر مشتمل ہے، ایک حصے میں آرمی (بقیہ نمبر 1)

امریکہ میں پاکستانی سفیر کی متعدد کانگریس اراکین سے ملاقات

دوطرفہ تعلقات، تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ' عوامی روابط بڑھانے کے حوالے سے تبادلہ خیال

واشنگٹن (این این آئی) کانگریس کی خاتون رکن سلویا آر گارسیا سے ملاقات کے بعد سفیر پاکستان رضوان سعید شیخ نے اپنے ٹوئیٹر (ایکس) اکاؤنٹ پر لکھا کہ رکن کانگریس سلویا آر گارسیا کے ساتھ ملاقات کر کے اچھا لگا۔ ملاقات میں پاک امریکہ دوطرفہ تعلقات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ریاست ٹیکساس کے ساتھ معاشی تعلقات کا فروغ خصوصاً تجارت، سرمایہ کاری، اور عوامی روابط ایک مفید (بقیہ نمبر 2)

توشہ خانہ ٹو کیس
عمران خان، بشریٰ بی بی پر فرد جرم عائد

جج شاہ رخ ارجمند نے اڈیالہ جیل میں توشہ خانہ ٹو کیس کی سماعت کی، اس موقع پر سابق وزیر اعظم عمران خان کے علاوہ ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی بھی موجود تھیں۔ جج شاہ رخ ارجمند نے فرد جرم پڑھ کر سنائی، ملزمان نے صحت جرم سے انکار کر دیا

ابتدائی تحقیقات نیب نے کی تھی، نیب ترامیم کی روشنی میں کیس ایف آئی اے کو منتقل کر دیا تھا، ستمبر 2024 میں ایف آئی اے نے تحقیقاتی کارروائی کے بعد چالان عدالت میں جمع کرایا تھا' گزشتہ سماعت 5 دسمبر کو اڈیالہ جیل میں ہوئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سپیشل کورٹ سینٹرل ون اسلام آباد نے بانی پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) عمران خان اور بشریٰ بی بی پر فرد جرم عائد کر دی۔ سپیشل عدالت کے جج شاہ رخ ارجمند نے اڈیالہ جیل میں توشہ خانہ ٹو کیس کی سماعت کی، اس موقع پر سابق وزیر اعظم عمران خان (بقیہ نمبر 8)

حکومت کو سکوک کے ذریعے سود سے پاک قرض مل سکتا ہے، وزیر خزانہ

اسلامی کانفرنس کے انعقاد پر ایس ای سی پی، ایئوفی، اسلامک ڈیولپمنٹ کو مبارکباد پیش کرتا ہوں

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر اورنگزیب کا کہنا ہے کہ اسلامی کیپٹل کانفرنس حکومت کا مالی نظام شریعہ اصولوں پر منتقل کرنے کا عزم ہے' حکومت کو سکوک کے ذریعے سود سے پاک قرض مل سکتا ہے۔ کراچی میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہماری پیش (بقیہ نمبر 10)

اچھی بات ہے فیض حمید پر مقدمہ چل رہا ہے: عارف علوی

کراچی (این این آئی) سابق صدر ڈاکٹر عارف علوی نے کہا ہے کہ اچھی بات ہے فیض حمید پر مقدمہ چل رہا ہے، انہوں (بقیہ نمبر 9)

گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق کی ہمشیرہ کی وفات پر تعزیت وفاتحہ خوانی کر رہے ہیں

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف شنگھائی ایکسپیریمنٹل سکول میں کلاس روم کا مشاہدہ کر رہی ہیں

مریم نواز کا شنگھائی ایکسپیریمنٹل سکول کا دورہ' مختلف شعبوں کا مشاہدہ

مریم نواز نے آرٹیفیشل انٹیلی جنس کے بارے میں دریافت کیا، سکول کے بجٹ، نصاب، طریقہ تعلیم اور ایکسپرٹ ٹیچر کے بارے میں بھی پوچھا

شنگھائی ایکسپیریمنٹل سکول، بچوں کو آرٹیفیشل انٹیلی جنس کے علوم سکھانے کیلئے قائم کیا گیا ہے، وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کو بریفنگ

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے شنگھائی ایکسپیریمنٹل سکول اور چائنیز اکیڈمی آف سائنسز کا دورہ کیا۔ اپنے دورے کے دوران وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے شنگھائی ایکسپیریمنٹل سکول کے مختلف شعبوں کا مشاہدہ کیا، وہ شنگھائی ایکسپیریمنٹل سکول (بقیہ نمبر 3)

توشہ خانہ ٹو کیس: ایف آئی اے بشریٰ بی بی کی ضمانت منسوخ کرانے میں ناکام

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی تحقیقاتی ایجنسی (ایف آئی اے) توشہ خانہ کے دوسرے کیس میں سابق وزیر اعظم عمران خان کی (بقیہ نمبر 5)

صدر زرداری کا مختلف شعبوں میں چینی سرمایہ کاری بڑھانے پر زور

چین کے کاروباری وفد کی ملاقات' وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ، صوبائی وزراء، چینی قونصل جنرل موجود

کراچی (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے پاکستانی معیشت کے مختلف شعبوں میں چینی سرمایہ کاری بڑھانے پر زور دیا ہے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری سے بلاول ہاؤس میں چین کے کاروباری وفد نے ملاقات کی جس میں وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ، صوبائی (بقیہ نمبر 4)

سپریم کورٹ آئینی بنچ نے پریکٹس اینڈ پروسیجر آرڈیننس کیخلاف درخواستیں خارج کر دیں

پریکٹس اینڈ پروسیجر آرڈیننس ختم ہو چکا' جسٹس امین الدین خان' آرڈیننس کے بعد پریکٹس اینڈ پروسیجر میں پارلیمنٹ نے قانون سازی کر دی' جسٹس علی مظہر

قانون آجائے تو آرڈیننس خود بخود ختم ہو جاتا ہے' آئین صدر پاکستان کو آرڈیننس جاری کرنے کا اختیار دیتا ہے' جسٹس جمال مندوخیل کے ریمارکس

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سپریم کورٹ آئینی بنچ نے پریکٹس اینڈ پروسیجر آرڈیننس کے خلاف درخواستیں خارج کر دیں۔ جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں 7 رکنی آئینی بنچ نے پریکٹس اینڈ پروسیجر آرڈیننس کے خلاف چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی سمیت دیگر کی درخواستوں پر سماعت کی۔ دوران سماعت جسٹس امین الدین خان نے ریمارکس دیئے کہ پریکٹس اینڈ پروسیجر آرڈیننس ختم ہو چکا ہے، جسٹس علی مظہر نے کہا کہ آرڈیننس کے بعد پریکٹس اینڈ پروسیجر میں پارلیمنٹ نے قانون سازی کر دی ہے۔ وکیل درخواست گزار نے کہا کہ آرڈیننس کے تحت کمیٹی کے ایکشن کو کالعدم قرار دیا جائے جس پر جسٹس جمال مندوخیل نے کہا کہ قانون آجائے تو آرڈیننس خود بخود ختم ہو جاتا ہے۔ جسٹس علی مظہر نے کہا کہ آرڈیننس کے تحت بنی کمیٹی ختم ہو گئی، کمیٹی کے فیصلوں کو پاس اینڈ کلوز ٹرانزیکشنز کا تحفظ ہے۔ (بقیہ نمبر 7)

اسلام آباد، چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بدنیتی پر مبنی سوشل میڈیا مہم پر پی ٹی آئی رہنماؤں کی جے آئی ٹی میں طلبی

ملزمان میں صبغت اللہ وِرک، محمد ارشد، عطاالرحمٰن، اظہر مشوانی، کومل آفریدی، عروسہ ندیم شاہ اور ایم علی ملک شامل

ملزمان پر الزام ہے کہ انہوں نے سوشل میڈیا پر بدنیتی پر مبنی مہم کے ذریعے پاکستان میں افراتفری اور انتشار پھیلایا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سوشل میڈیا پر بدنیتی پر مبنی مہم چلانے پر آئی جی پولیس اسلام آباد کی سربراہی میں جوائنٹ انویسٹی گیشن ٹیم نے ملزمان کو نوٹسز جاری کر دیے۔ جے آئی ٹی نے ملزمان صبغت اللہ وِرک، محمد ارشد، عطاالرحمٰن، اظہر مشوانی، کومل آفریدی، عروسہ ندیم شاہ اور ایم علی ملک کو 13 دسمبر کو طلب کر لیا۔ ملزمان پر الزام ہے کہ انہوں نے سوشل میڈیا پر بدنیتی پر مبنی مہم کے ذریعے پاکستان میں افراتفری اور انتشار پھیلایا۔ جے آئی ٹی ملزمان اور ان کے ساتھیوں کے پسِ پردہ مقاصد کا تعین کرنے کے لیے معاملے کی تحقیقات کر رہی ہے۔ وفاقی حکومت نے سوشل میڈیا پر جرائم کی روک تھام کے لئے پیکا ایکٹ 2016 کے سیکشن 30 کے مطابق آئی جی پولیس کے ماتحت ایک مشترکہ تحقیقاتی ٹیم تشکیل دی ہے۔ جے آئی ٹی کے پاس ملزمان کے خلاف ملک میں بدامنی اور انتشار پھیلانے کے لئے سوشل (بقیہ نمبر 6)

اسلام آباد، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے پی ٹی آئی پارلیمنٹیرینز کے بانی پرویز خٹک ملاقات کر رہے ہیں

نوجوانوں کو مواقع فراہم کرنے کیلئے پالیسی سازی اہم ضرورت ہے' رانا مشہود

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود (بقیہ نمبر 12)

عمر ایوب سے ہیومن رائٹس کمیشن کی وفد کی ملاقات، مختلف امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی عمر ایوب خان سے (بقیہ نمبر 13)

ڈی جی نیب لاہور امجد مجید اولکھ کی گریڈ 21 میں ترقی

ترقی کے بعد نیب لاہور میں ریگولر بنیادوں پر بطور ڈی جی تعیناتی

لاہور (سٹاف رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل نیب لاہور امجد مجید اولکھ کو گریڈ 21 میں ترقی دے دی گئی۔ اس سلسلہ میں باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔ امجد مجید اولکھ کو ترقی کے بعد نیب لاہور میں ریگولر بنیادوں پر بطور ڈائریکٹر جنرل تعیناتی کر دی گئی ہے۔ ڈی جی نیب لاہور ترقی کی (بقیہ نمبر 11)

رکن قومی اسمبلی عادل بازئی کو ڈی سیٹ کرنے کا فیصلہ کالعدم قرار

سپریم کورٹ نے عادل بازئی کی اپیل منظور کر لی، تفصیلی فیصلہ بعد میں جاری کیا جائیگا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ آف پاکستان نے رکن قومی اسمبلی عادل بازئی کو ڈی سیٹ کرنے کا فیصلہ کالعدم قرار دے دیا۔ عادل بازئی کی اپیل پر سماعت جسٹس منصور علی (بقیہ نمبر 14)

نواز' زرداری' گیلانی کی توشہ خانہ کیس ایف آئی اے کو بھجوانے کی استدعا مسترد

احتساب عدالت کی جج عابدہ سجاد نے ریفرنس ایف آئی اے کے سپیشل جج سینٹرل کو بھیج دیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کی احتساب عدالت نے سابق وزیر اعظم نواز شریف، آصف علی زرداری، یوسف رضا گیلانی و دیگر کیخلاف توشہ خانہ گاڑیوں کا ریفرنس ایف آئی آئی (بقیہ نمبر 15)

اسلام آباد، وفاقی وزیر جام کمال اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

آئی ایم ایف سے 7 ارب ڈالرز قرض 5 فیصد شرحِ سود پر لیا گیا

چینی بینکوں سمیت دیگر اداروں سے 7 سے 8 فیصد سود پر قرضہ لیا گیا' ترجمان وزارتِ خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے عالمی مالیاتی ادارے (آئی ایم ایف) سے 7 ارب ڈالرز قرض تقریباً 5 فیصد شرح سود پر لیا ہے۔ وزارتِ خزانہ کے مطابق آئی ایم ایف (بقیہ نمبر 21)

پشاور ہائیکورٹ' 5 جوڈیشل افسران کے تبادلوں و تعیناتیوں کا حکم

ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج عبدالباسط کا تبادلہ اورکزئی سے سوات کر دیا گیا

پشاور (این این آئی) پشاور ہائی کورٹ نے 5 جوڈیشل افسران کے تبادلوں اور تعیناتیوں کے احکامات جاری کر دیے۔ اس حوالے سے جاری ہونے والے اعلامیے کے مطابق (بقیہ نمبر 22)

ربا سے پاک معیشت کیلئے باہمی تعاون کی ضرورت ہے: عاکف سعید

کراچی (این این آئی) سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے چیئرمین عاکف سعید نے کہا ہے کہ ربا سے پاک (بقیہ نمبر 25)

ایف آئی اے کو بھی عارف علوی کی گرفتاری سے روک دیا گیا

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ نے سابق صدر عارف علوی کو 19 دسمبر تک کسی بھی مقدمے میں گرفتار نہ کرنے کا (بقیہ نمبر 24)

26 ویں آئینی ترمیم سیاسی بحرانوں کو گمبھیر بنا رہی ہے' لیاقت بلوچ

حکومت 9 مئی اور 26 نومبر کا چورن کب تک بیچے گی؟ نائب امیر جماعت اسلامی کا بیان

لاہور (این این آئی) جماعتِ اسلامی پاکستان کے نائب امیر لیاقت بلوچ کا کہنا ہے کہ 26 ویں آئینی ترمیم سیاسی بحرانوں کو گمبھیر بنا رہی ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ (بقیہ نمبر 26)

ڈپٹی سپیکر کا وزرا' پارلیمانی سیکرٹریز کی عدم حاضری پر وزیر اعظم کو خط لکھنے کا فیصلہ

وزرا' پارلیمانی سیکرٹریز ایوان میں موجود نہ ہوئے تو ایوان کی کارروائی نہیں چلائی جائے گی' غلام مصطفیٰ

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی سپیکر قومی اسمبلی غلام مصطفیٰ شاہ نے ایوان میں وزرا اور پارلیمانی سیکرٹریز کی عدم حاضری پر وزیر اعظم شہباز شریف کو خط لکھنے کا فیصلہ کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 27)

پی ٹی آئی والے این آر او چاہتے ہیں جو نہیں مل سکتا' فیصل کریم کنڈی

پاکستان تحریک انصاف والوں نے عمران خان کو اقتدار کے لئے تنہا چھوڑ دیا، عمران خان نے جو کرتوت کئے وہ اب بھگتنا پڑیں گے

بشریٰ بی بی کہتی ہیں اکیلا چھوڑ دیا، وزیر اعلیٰ کہتے ہیں میرے ساتھ تھیں، دونوں میں سب سے بڑا جھوٹا کون ہے؟ گورنر خیبر پختونخوا

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی والے بنیادی طور پر این آر او چاہتے ہیں جو نہیں مل سکتا۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے گورنر کے پی فیصل کریم کنڈی کا کہنا تھا کہ پاکستان تحریک انصاف والوں نے عمران خان کو اقتدار کے لئے تنہا چھوڑ دیا، عمران خان نے جو کرتوت کئے وہ اب بھگتنا پڑیں گے، عدالتوں نے فیصلہ کرنا ہے کہ بانی پی ٹی آئی قصوروار ہیں یا بے قصور۔ انہوں نے کہا کہ فیض حمید نے اگر غلط کام (بقیہ نمبر 34)

ہم سے استعفیٰ مانگنے کی خبر غلط ہے' سلمان اکرم راجہ

مذاکراتی کمیٹی قائم کر کے مجھ سمیت دیگر رہنماؤں کو شامل کیا گیا، مذاکرات ممکن تھے، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے کہ ہم سے استعفیٰ مانگنے کی خبر غلط ہے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی نے تمام قائدین پر اعتماد کا اظہار کیا ہے۔ سلمان اکرم راجہ کا کہنا (بقیہ نمبر 33)

بینظیر بھٹو کی برسی' پرویز اشرف نے 35 رکنی سٹریٹجک مینجمنٹ کمیٹی تشکیل دیدی

لاہور (این این آئی) سابق وزیر اعظم بینظیر بھٹو کے 17 ویں یوم شہادت کی (بقیہ نمبر 32)

بھارتی پولیس کا شہید علی گیلانی کی رہائشگاہ پر چھاپہ، اہم دستاویزات قبضے میں لے لیں

سرینگر (این این آئی) مقبوضہ کشمیر میں قابض بھارتی پولیس نے شہید سید علی گیلانی کی رہائشگاہ پر چھاپہ مار کر ان کی کتب اور (بقیہ نمبر 31)

پیٹرول' ڈیزل، مٹی کا تیل اور لائٹ ڈیزل آئل ڈھائی روپے مہنگا کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) ایس آئی ایف سی کے ایگزیکٹو کمیٹی آئی ایف ای ایم کے اجلاس میں پیٹرول، ڈیزل، مٹی کا تیل اور لائٹ (بقیہ نمبر 30)

پاکستان کا موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کیلئے عالمی برادری سے فوری اقدامات کا مطالبہ

دی ہیگ (این این آئی) پاکستان نے موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کیلئے عالمی برادری سے فوری اقدامات کا مطالبہ کر دیا۔ عالمی عدالت انصاف میں پاکستان کی نمائندگی اٹارنی (بقیہ نمبر 28)

اسلام آباد، وزیر مملکت برائے آئی ٹی اور ٹیلی کمیونیکیشن شیزہ فاطمہ خواجہ سے قازقستان کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

بانی پی ٹی آئی دن میں کئی رنگ بدلتے ہیں گارنٹی کون دیگا؟ خواجہ آصف

چند دن پہلے تک ان کے مذاکرات صرف اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ حلال تھے' وزیر دفاع

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ مذاکرات اچھی بات ہے مگر بانی پی ٹی آئی دن میں کئی رنگ بدلتے ہیں اُن کی گارنٹی کون دیگا؟ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی جن ہلاکتوں کی بات کرتی ہے ان کی تعداد 12 سے 278 بتائی جاتی ہے لیکن (بقیہ نمبر 29)

GOVERNMENT OF KHYBER PAKHTUNKHWA
TEVTA
Grand Launching of
Ehsas Hunar
WELCOME TO THE LAUNCHING CEREMONY
Ehsas Hunar Interest Free Loans
پشاور، وزیر اعلیٰ علی امین خان گنڈا پور احساس ہنر پروگرام کے اجراء کر رہے ہیں

سولر پینل سکیم وزیر اعلیٰ کا فلیگ شپ پروگرام ہے، عظمیٰ بخاری

انڈسٹری سے متعلق بڑے اقدامات ہونے، تین بہت بڑے ایم او یوز بینک آف پنجاب کے ساتھ سائن کرنے جا رہے ہیں

پنجاب کیلئے ایک انویسٹمنٹ کانفرنس شروع ہونے جا رہی ہے، کانفرنس میں دنیا کی بڑی بڑی کمپنیز شریک ہوں گی' وزیر اطلاعات

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ سولر پینل سکیم وزیر اعلیٰ کا فلیگ شپ پروگرام ہے۔ اپنے ایک بیان میں عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ پنجاب کیلئے بہت ساری اچھی خبریں ہیں، وزیر اعلیٰ کے دورے میں دو تین چیزیں اہم تھیں، سموگ سے ہم سب لڑ رہے ہیں، سموگ سے لاہور، پشاور، کراچی سمیت پورا پاکستان متاثر ہے، وزیر اعلیٰ مریم نواز سموگ کے حل کیلئے چائنہ کے ساتھ کام کرنا چاہتی تھیں۔ انہوں نے کہا کوڑے (بقیہ نمبر 16)

فیڈرل بورڈ کے ٹاپ 120 طلبہ کو مفت الیکٹرک بائیکس دینے کا فیصلہ

39000 الیکٹرک بائیکس' 1900 الیکٹرک رکشے رعایتی قرض پر فراہم کیے جائیں گے' رانا تنویر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے فیڈرل بورڈ کے ٹاپ 120 طلبہ کو مفت الیکٹرک بائیکس دینے کا فیصلہ کر لیا۔ وفاقی وزیر رانا تنویر حسین کی زیر صدارت الیکٹرک (بقیہ نمبر 17)

تھر کے کوئلے سے 200 سال تک سستی بجلی پیدا کر سکتے ہیں: شرجیل میمن

کراچی (این این آئی) وزیر اطلاعات سندھ شرجیل انعام میمن نے کہا ہے (بقیہ نمبر 18)

پاک فوج نے دہشت گردی کے خاتمے کیلئے قربانیاں دی ہیں، پیر پگارا

کراچی (این این آئی) حروں کے روحانی پیشوا پیر پگارا نے کہا ہے (بقیہ نمبر 19)

ملک میں سونے کی فی تولہ قیمت میں 2300 روپے کا اضافہ

کراچی (این این آئی) سونے کی قیمت میں مسلسل دوسرے روز بھی بڑا ا(بقیہ نمبر 20)

اٹارنی جنرل منظور عثمان عالمی کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

تمام اداروں کو احتساب کی ضرورت ہے، گورنر پنجاب سلیم حیدر

ملک اندرونی اور بیرونی سازشوں میں مبتلا ہے، ہم سب کو ان کا مقابلہ کرنا ہے' بیوروکریسی عوام کی خدمت میں کوئی کسر نہ چھوڑے

نیشنل چارٹر کی ضرورت ہے جس کے تحت سیاستداں، ججز اور بیوروکریٹس ملک کی ترقی میں اپنا کردار ادا کریں' تقریب سے خطاب

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سلیم حیدر کا کہنا ہے کہ تمام اداروں کو اپنے اپنے احتساب کی ضرورت ہے۔ سلیم حیدر نے نیشنل اسکول آف پبلک پالیسی میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نیشنل چارٹر کی ضرورت ہے جس کے تحت سیاستداں، ججز اور بیوروکریٹس ملک کی ترقی میں اپنا کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ ملک اندرونی اور بیرونی سازشوں میں مبتلا ہے، ہم سب کو ان کا مقابلہ کرنا ہے۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ (بقیہ نمبر 23)

کراچی، صدر آصف علی زرداری سے چینی کاروباری وفد کی ملاقات کے بعد لیا گیا گروپ فوٹو

روزنامہ
DAILY IDEAL PAKISTAN
آئیڈیل پاکستان
بانی: غلام مصطفیٰ جتوئی
چیف ایڈیٹر: ساجد جتوئی
0333-9233351
ملتان اسلام آباد
ایڈیٹر: ڈاکٹر بلال راؤ
ایگزیکٹو ایڈیٹر: عارف محمود قریشی

جمعۃ المبارک 13 دسمبر 2024ء

حقوق العباد کی اہمیت

حافظ محمد ابراہیم نقشبندی

اسلام ایک مکمل ضابطۂ حیات ہے۔ دین اسلام جہاں دیگر عبادات نماز، روزہ، زکوٰۃ اور حج وغیرہ کی تعلیمات فراہم کرتا ہے وہاں حقوق العباد کے متعلق بھی مکمل رہنمائی کرتا ہے۔ شریعت نے انسان پر دو طرح کے فرائض عائد کیے ہیں، حقوق اللہ اور حقوق العباد۔ ہم تمام لوگ بحیثیت مسلمان حقوق اللہ پر تو توجہ دیتے ہیں انہیں بڑی پابندی سے ادا کرتے ہیں اور ان کی فکر بھی کرتے ہیں، لیکن اس کے برعکس حقوق العباد کو کچھ نہیں سمجھتے بلکہ سب سے بڑا المیہ یہ ہے کہ ہمیں حقوق العباد کا پتہ ہی نہیں ہوتا جس وجہ سے ادا بھی نہیں کر پاتے، حالانکہ حقوق العباد کو دین میں بہت اہمیت حاصل ہے۔

حقوق العباد کی اہمیت کو واضح کرتے ہوئے نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: "شہید کا ہر گناہ معاف کر دیا جاتا ہے سوائے قرض کے۔" (صحیح مسلم) کسی شخص کا قرض کسی کے ذمے میں ہے تو جب تک ادا نہ کر دے وہ معاف نہیں ہو سکتا خواہ کتنا ہی بڑا نیک عمل کر لے، یہاں تک کہ اللہ کے راستے میں اپنی جان ہی کیوں نہ دے دے۔ امام نووی نے اس حدیث کی شرح کرتے ہوئے لکھا ہے کہ قرض سے مراد تمام حقوق العباد (بندوں کے حقوق) ہیں۔

ایک حدیث شریف میں آپ ﷺ نے بندوں کے حقوق کی اہمیت اس انداز سے بیان فرمائی ہے، جس سے معلوم ہوتا ہے کہ حقوق العباد میں کوتاہی نہ صرف یہ کہ آخرت میں سخت باز پرس کا سبب بنے گی بلکہ اللہ تعالیٰ کے ادا کیے ہوئے حقوق بھی اکارت ہو جائیں گے، بندوں کے حقوق میں غفلت اور زیادتی کرنے والے لوگ اپنی نماز، روزے اور دیگر عبادتوں کا ثواب حاصل نہ کر سکیں گے۔

ایک مرتبہ آپ ﷺ نے صحابہؓ کی جماعت سے فرمایا کہ تم لوگ مفلس (غریب) کسے کہتے ہو، عرض کیا (من لا مال لہ) مفلس اس کو کہتے ہیں جس کے پاس کوئی مال نہ ہو۔ آپ ﷺ نے فرمایا: "نہیں مال تو آنے جانے والی چیز ہے لہٰذا یہ کوئی بات نہیں، بلکہ مفلس تو وہ شخص ہے جو قیامت کے دن اس حال میں پہنچے گا کہ اس کی عبادات یعنی نمازیں، زکوٰۃ، روزے، صدقات وخیرات، حج وعمرے اور تلاوتوں کی نیکیاں ہوں گی لیکن کسی کو گالیاں دی ہوں گی، کسی کو بے گناہ مارا ہوگا، کسی پر تہمت وبہتان لگایا ہوگا اور کسی کے ساتھ کوئی ظلم کیا ہوگا، ساری شکایتیں اللہ تعالیٰ کے سامنے پیش ہوں گی۔ اللہ رب العزت یوں فیصلہ فرمائیں گے کہ فرشتوں کو حکم ہوگا کہ اس کی نیکیاں مدعی کے دعوے کے ساتھ وزن کرو جتنی نیکیاں اس دعوے کے ساتھ پوری ہوں وہ مدعی کو دے دو، چنانچہ اس کی نیکیاں تقسیم ہونے لگیں گی۔ اس کی نمازیں، روزے، زکوٰۃ، صدقات وخیرات، حج وعمرے کی نیکیاں تقسیم ہوں گی۔

آخر میں فرشتے عرض کریں گے کہ اس کی ساری نیکیاں تقسیم ہو گئیں اور شکایتیں ابھی باقی ہیں، اب جو حکم ہو؟ اللہ تعالیٰ فرمائیں گے کہ اب مدعی کے گناہوں کو وزن کرو اور جو گناہ اس کے دعوے کے مطابق ہوں ان کو اس کے حصے میں لگا دو فرمایا: اب یہ فیصلہ ہونے لگے گا، مدعی کے گناہوں کا وزن ہونے لگے گا جتنی شکایتیں ہوں گی اتنے گناہ اس کے حصے میں لگائیں جائیں گے، اس طرح اتنی نیکیاں اور عبادات کرنے والا جہنم میں ڈالا جائے گا۔ یہ ہے حقیقی مفلس جس کے پاس کچھ نہیں رہا۔ (صحیح مسلم) اندازہ کیجیے کہ اگر وہ ان ظالموں کے لیے دہشت ناک دن ہے تو مظلوموں کے لیے امید وسہارے کا دن بھی ہے۔ اس لیے فرمایا کہ مرنے سے پہلے حقوق ادا کر دو، فیصلے کا دن آنے سے پہلے حقوق ادا کر دو۔

ہم اپنے اردگرد نظر دوڑائیں تو ہمیں کثیر تعداد میں ایسے لوگ ملتے ہیں جو ظاہری عبادات پر اکتفا کرتے ہیں مثلاً نماز، روزہ، زکوٰۃ اور حج وغیرہ تاہم وہ نہ تو عبادت کے باطنی پہلو کا خیال رکھتے ہیں، نہ حقوق العباد کو خاطر میں لاتے ہیں اور اپنے آپ کو اس بات سے تسلی ودلاسہ دیتے ہیں کہ چونکہ ہم ظاہری ارکان اسلام (نماز، روزہ، زکوٰۃ وحج) کو ادا کر رہے ہیں اور یہی ہماری نجات کے لیے کافی ہے۔ اس بات میں کوئی شک نہیں کہ ظاہری ارکان اسلام پر عمل پیرا ہونا بہت بڑی سعادت کی بات ہے لیکن اس کے ساتھ اس بات کا بھی خیال رہے کہ ہر ظاہری عبادت کا ایک باطنی پہلو بھی ہے۔ نبی کریم ﷺ نے نہ صرف اللہ تعالیٰ کی ظاہری وباطنی عبادات (حقوق اللہ) پر اخلاص سے عمل پیرا ہونا سکھایا بلکہ حقوق العباد کی مکمل آگاہی واہمیت سے بھی روشناس فرمایا ہے۔

حقوق العباد کی تعریف ہمارے سامنے آ گئی کہ جو بندوں کے بندوں پر حقوق ہیں انہیں حقوق العباد کہتے ہیں کیونکہ زندگی گزارنی ہے اور اشرف المخلوقات یعنی انسانوں کے ساتھ گزارنی ہے۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے اکٹھے رہنے کے چند اصول وآداب بھی بیان فرمائے ہیں کہ اگر ان کا خیال رکھیں گے تو ہماری زندگی پرسکون گزر جائے گی ورنہ ہماری زندگی کا سکون اور امن برقرار نہیں رہ سکے گا، لہٰذا ہمیں چاہیے کہ ہم پہلے حقوق العباد کو جانیں ان کا علم حاصل کریں پھر ان کو اپنی زندگی کا حصہ بنائیں تو ان شاء اللہ تعالیٰ زندگی آسان ہو جائے گی۔

شریعت ہمیں جہاں حقوق اللہ کی ادائیگی کا حکم دیتی ہے اور ادا کرنے کا طریقہ بتاتی ہے، وہیں حقوق العباد کی طرف بھی توجہ دلاتی ہے اور اس کی تفصیل بھی بتاتی ہے، جس سے معلوم ہوتا ہے کہ دونوں ضروری ہیں۔ ایک کو چھوڑ دینا یا دونوں چھوڑ دینا گمراہی کے منہ میں جانے کے مترادف ہے۔ یہ فہم وسمجھ کہ اس وقت دین کا مجھ سے کیا تقاضا ہے؟ اس وقت آتی ہے جب علمائے کرام اور اولیائے عظام کی صحبت اختیار کی جائے۔ ہمیں چاہیے کہ ہم علمائے کرام اور اولیائے عظام کی صحبت میں رہ کر حقوق اللہ اور حقوق العباد کی ادائیگی کو صحیح طرح سے سمجھیں اور اس کو پورا کرنے کی حتی الامکان کوشش کریں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں ہر طرح کے حقوق کی صحیح سمجھ اور ان پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین!

مشن نبوت بطریق نبوت

دور حاضر میں علماء کرام کی دینی ذمہ داریاں اور اس کا صحیح منہج

مولانا محمد الیاس گھمن

اقوام عالم کا یہ شروع سے دستور چلا آ رہا ہے کہ جب اپنے نظریات سے دوسرے لوگوں کو وابستہ کرنے کی "اجتماعی محنت" کرتے ہیں تو ایک "تحریک" وجود میں آ جاتی ہے۔ دنیا بھر میں بے شمار دینی، مذہبی، سیاسی اور قوموں کے حقوق کے لیے غیر سیاسی تحریکیں اٹھیں ہیں۔ تاریخ کا بہت بڑا ذخیرہ ان کی کاوشوں اور کارناموں سے اٹا پڑا ہے۔ کسی بھی تحریک کی افادیت، وسعت، جامعیت اور دائرہ عمل کا اندازہ لگانا ہو تو اس کے نصب العین، اغراض ومقاصد اور کارناموں پر ایک نظر ڈال لینی چاہیے۔ ہم مسلمان اللہ کے سچے، آخری اور عالمگیر نبیؐ کے امتی ہیں۔ آپ کی ختم نبوتؐ کے صدقے "مشن نبوت" کو "طریق نبوت" پر تاقیامت سارے عالم میں پھیلانا اور بچانا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے لیکن ہر کسی کی ذمہ داری کا حلقہ محدود ہے۔ جہاں تک اس امت کے علماء کی ذمہ داری کا سوال ہے۔ تو یہ بات واضح ہے کہ علماء کرام کا طبقہ انبیاء کرام کا وارث ہے۔ اس ناتے ان پر ذمہ داریاں بھی اسی حساب سے عائد ہوتی ہیں۔ اس لیے علماء کرام کی ذمہ داری کا حلقہ چند افراد اور مخصوص علاقوں تک محدود نہیں بلکہ سارا عالم ہے۔ ایک عالم کے دل ودماغ میں جب تک سارے عالم کی ذمہ داری کا احساس بیدار نہیں ہوتا اس وقت تک فکری طور پر ایک عام انسان اور اس وارث نبی میں کوئی فرق نہیں ہوگا۔ وراثت نبوی میں ہمیں جہاں "مشن نبوت" ملا ہے وہاں "طریق نبوت" بھی نصیب ہوا ہے۔ مشن نبوت کے تین اہم اجزاء ہیں۔

1: مخلوق خدا کے عقائد ونظریات کو کفر، شرک، ارتداد، الحاد، زندقہ وغیرہ الغرض باطل کی آمیزش سے بالکل پاک وصاف کرنا۔

2: مخلوق خدا کے اعمال کو رسوم ورواج، خرافات وبدعات الغرض انسانی وشیطانی وساوس وفریب کاریوں سے پاک وصاف کرنا۔

3: مخلوق خدا کو عمدہ اور اعلیٰ اخلاقیات کی تعلیم دینا جس میں فرق مراتب کے ساتھ انسانیت کی تعظیم اور تمام معاشرتی اقدار کو حسن سلوک سے آراستہ کیا گیا ہو۔ گویا یوں کہا جا سکتا ہے کہ مشن نبوت کا خلاصہ عقائد ونظریات، اعمال صالحہ اور عمدہ اخلاقیات میں منحصر ہے۔ ان سب کی اہمیت اور قدر ومنزلت سر آنکھوں پر لیکن ان میں جو درجہ عقائد ونظریات کا ہے وہ باقی اجزاء کا بھی نہیں۔ مشن نبوت کی اشاعت اور تحفظ میں طریق نبوت کو ملحوظ رکھنا لازمی عنصر ہے ورنہ مزاج نبوت کے خلاف ہونے کی وجہ سے اس کے فوائد تو کجا، نقصانات اٹھانا پڑیں گے۔ جس کے ماضی میں تلخ تجربات سے امت بار ہا دوچار ہو چکی ہے۔ طریق نبوت بھی مجموعی طور پر تین اجزاء پر مشتمل ہے۔

1: فکر...... یعنی سارے عالم میں مذہب اسلام پھیل جائے۔ جس کی بدولت لوگوں کو دنیا وآخرت کی ساری کامیابیاں نصیب ہوں۔

2: مسلسل سنجیدہ محنت...... مستقل مزاجی سے آزمائشی حالات، اعصاب شکن واقعات اور جاں گسل مراحل کو خندہ پیشانی سے قبول کرنا۔

3: رجوع الی اللہ...... یعنی فکر ومحنت کے بعد نتائج کے حصول کے لیے اللہ کے حضور دل سے دعائیں مانگنا، تلاوت، ذکر واذکار اور واجبی ونفلی عبادات میں ہرگز غفلت نہ برتی جائے۔ یہ بھی مسلمہ حقیقت ہے کہ دور حاضر میں تمام دینی تحریکات جس نیک نیتی سے دین کی اشاعت وتحفظ کی محنت میں مصروف عمل ہیں ان سب کا سرچشمہ "مدارس اسلامیہ" ہیں۔ انہی مدارس سے دینی تحریکات، ادارے، جماعتیں اور افراد جنم لیتے ہیں۔ بلکہ اگر بنظر انصاف دیکھا جائے تو خود مدرسہ بہت بڑی "تحریک" ہے۔ جو عقائد ونظریات اور اعمال واخلاق کی تربیت گاہ ہے۔ یوں تو اللہ اپنے دین کا محافظ ہے لیکن درجہ اسباب میں مدارس اسلام کے قلعے ہیں۔ اس لیے مدارس اسلامیہ میں زیر تعلیم وتعلم علماء وطلباء اور دیگر تمام دینی تحریکات سے وابستہ قائدین وکارکنان "احیائے دین" اور "بقاء اسلام" کے لیے مشن نبوت بطریق نبوت کے اصول پر سختی سے کاربند رہیں۔

صنعت وتجارت

چائنیز کمپنی کے تعاون سے 3000 الیکٹرک EV اسٹیشنز لگائے جائیں گے

ملک خدا بخش

الیکٹرک چارجنگ وہیکل اسٹیشنز لگانے کیلئے 90 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری ہوگی، فروری 2025 میں مینوفیکچرنگ پر 250 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کی جائے گی

EV اسٹیشنز سے ملک میں فیول کی درآمد میں کمی، زرمبادلہ کے ذخائر کی بچت اور ماحولیاتی آلودگی کا خاتمہ ہوگا، کنوینر ایف پی سی سی آئی انرجی اسٹینڈنگ کمیٹی

کراچی (بزنس رپورٹر) ایف پی سی سی آئی کی انرجی اسٹینڈنگ کمیٹی کے کنوینر ملک خدا بخش نے کہا ہے کہ ہم چائنیز کمپنی کے تعاون سے ملک میں 3 ہزار الیکٹرک چارجنگ وہیکل (EV) اسٹیشنز لگانے جا رہے ہیں اور اس سلسلے میں ہم نے چائنا کی ایک معروف کمپنی اور حکومت پاکستان کے ساتھ معاہدہ بھی کیا ہے، ہمارے پروگرام میں یہ بھی شامل ہے کہ پشاور سے لے کر کراچی تک موٹروے پر ای وی اسٹیشنز لگائیں گے، اس معاہدے کے تحت ملک میں مجموعی طور پر تقریباً 350 ملین ڈالرز کی بیرونی سرمایہ کاری آئے گی۔ انہوں نے جمعرات کو فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) کے ہیڈ آفس کراچی میں پاکستان میں برقی نقل وحمل کے شعبے میں پیشرفت کو اجاگر کرنے اور ایف وی فلیش چارجنگ اسٹیشن کے تعارف کی تقریب میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ای وی اسٹیشنز لگانے کے بارے میں مزید بتایا کہ ابتدا میں ای وی اسٹیشنز لگانے کیلئے 90 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری ہوگی جبکہ فروری 2025 میں مینوفیکچرنگ پر 250 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کی جائے گی۔ ملک خدا بخش نے بتایا کہ عنقریب الیکٹرک چارجنگ وہیکل اسٹیشنز کی افتتاحی تقریب منعقد کی جائے گی، الیکٹرک چارجنگ وہیکل (EV) اسٹیشنز کے قیام سے نہ صرف پاکستان میں فیول کی درآمد میں کمی ہوگی اور ملک کے زرمبادلہ کے ذخائر کی بھی بچت ہوگی جبکہ ماحولیاتی آلودگی کا بھی خاتمہ ہوگا۔ ملک خدا بخش نے پاکستان میں انرجی سیکٹر میں چینی سرمایہ کاروں کی دلچسپی کے حوالے سے کہا کہ چینی سرمایہ کار سرمایہ کاری کی غرض سے پاکستان کا رخ کر رہے ہیں اور وہ پاکستان کے نجی شعبے سمیت حکومت پاکستان اور حکومت سندھ سے سرمایہ کاری اور ٹرانسفر آف ٹیکنالوجی کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال بھی کر رہے ہیں، پاکستان کے انرجی سیکٹر میں غیر ملکی اور ملکی سرمایہ کاروں کیلئے پرکشش مواقع موجود ہیں، تھرکول فیلڈ، متبادل توانائی کے سیکٹر میں منافع بخش سرمایہ کاری ممکن ہے جس کیلئے سرمایہ کاروں کو سندھ حکومت نے مکمل تعاون، ڈاکومینٹیشن میں معاونت اور زمین کے حوالے سے تمام تر سہولیات کی فراہمی کی یقین دہانی بھی کرائی ہے۔

سود سے پاک فنانشل ایکو سسٹم کیلئے کوشاں ہیں، عاکف سعید

چیئرمین ایس ای سی پی کا عالمی اسلامک کیپٹل کانفرنس کے مندوبین کے عشائیے سے خطاب

کانفرنس میں بحرین، سعودیہ، ملائیشیا، ترکی، عمان، ایران اور برطانیہ سمیت ماہرین کی شرکت

کراچی (بزنس رپورٹر) سیکیورٹی اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے چیئرمین عاکف سعید نے کہا ہے کہ بین الاقوامی اسلامک کیپٹل کانفرنس کے ذریعے پاکستان ایک پائیدار، مساوی اور سود سے پاک فنانشل ایکو سسٹم میں تبدیلی کیلئے اقدامات کر رہا ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ، پاکستان اسٹاک ایکسچینج اور نیشنل کلیئرنگ کمپنی کے زیر اہتمام دوسری بین الاقوامی اسلامک کیپٹل مارکیٹس کانفرنس میں شرکت کرنے والے معزز مہمانوں اور اسپیکرز کے اعزاز میں ایک عشائیہ کے دوران خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس کانفرنس کا آغاز 12 دسمبر سے ہو چکا ہے۔ سیکیورٹی اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے چیئرمین عاکف سعید نے پاکستان کی اسلامی مالیاتی انڈسٹری کی نمایاں پیش رفت پر زور دیتے ہوئے شریعہ کے مطابق فنانشل پراڈکٹس اور بین الاقوامی اداروں کے ساتھ تعاون کو فروغ دینے میں سی ڈی سی، پی ایس ایکس اور این سی سی پی ایل جیسے اسٹریٹجک شراکت داروں کے ساتھ مل کر ایس ای سی پی کے اہم کردار پر روشنی ڈالی۔ اس موقع پر مہمان خصوصی اکاؤنٹنگ اینڈ آڈیٹنگ آرگنائزیشن فار اسلامک فنانشل انسٹیٹیوشنز کے بورڈ آف ٹرسٹیز کے چیئرمین اور میزان بینک کے بانی چیئرمین شیخ ابراہیم بن خلیفہ الخلیفہ نے اسلامی مالیات کی ترقی کیلئے پاکستان کی کوششوں کو سراہا۔ انہوں نے شرکا کو اسلامک فنانس انڈسٹری کیلئے اسٹینڈرڈز تیار کرنے اور دنیا بھر میں اخلاقی اور شریعہ کے مطابق فنانشل پریکٹسز کو مزید فروغ دینے کیلئے اے او آئی ایف آئی کی عالمی کوششوں کے بارے میں آگاہ کیا۔ اس موقع پر سی ڈی سی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور ایشیا پیسفک سینٹرل سیکیورٹیز ڈپازٹری گروپ کے چیئرمین بدیع الدین اکبر، پی ایس ایکس کے چیف ایگزیکٹو آفیسر فرخ ایچ سبزواری اور این سی سی پی ایل کے قائم مقام سی ای او عمران احمد خان نے کانفرنس کے مقررین کو سووینئرز پیش کیے۔ ایس ای سی پی کے زیر اہتمام منعقد ہونے والی دوسری بین الاقوامی اسلامک کیپٹل مارکیٹ کانفرنس اینڈ ایکسپو پاکستان کو اسلامک فنانس میں ایک رہنما کے طور پر پوزیشن دینے کی ایک اسٹریٹجک کوشش کی عکاسی ہے۔ "ٹیکنالوجی کی تبدیلی سے پائیداری کے احساس تک: ایک جامع اسلامک کیپٹل مارکیٹ کی تعمیر" کی تھیم کے تحت کانفرنس میں ایک لچکدار، جامع اور پائیدار اسلامک کیپٹل مارکیٹ کی تعمیر میں اہم چیلنجز اور مواقعوں کے بارے میں بات ہوگی۔

الیکٹرک وہیکل کے فروغ سے امپورٹ بلز میں کمی ہوگی، ثاقب فیاض

بجلی کی قیمت کم ہونے سے الیکٹرک وہیکلز کو فائدہ، بجلی کی کھپت بھی بڑھ جائے گی

ملک میں ہر سطح پر فارن ایکس چینج کا استعمال کم کرنا ہوگا، خالد تواب کا خطاب

کراچی (بزنس رپورٹر) وفاق ایوانہائے تجارت وصنعت کے سینئر نائب صدر ثاقب فیاض مگوں نے کہا ہے کہ الیکٹرک وہیکل کے فروغ سے ہی امپورٹ بلز میں کمی ہوگی، ایف پی سی سی آئی کی قیادت مسلسل آئی پی پیز کیپیسٹی چارجز پر بات کر رہی ہے، بجلی کی قیمت کم ہونے سے الیکٹرک وہیکلز کو فائدہ پہنچے گا اور بجلی کی کھپت بھی بڑھ جائے گی۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار جمعرات کو فیڈریشن ہاؤس میں ایف پی سی سی آئی اسٹینڈنگ کمیٹی برائے آٹوموٹیو کی جانب سے الیکٹرک بائیک کی تعارفی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ایف پی سی سی آئی کی انرجی اسٹینڈنگ کمیٹی کے کنوینر اور چیئرمین ملک گروپ ملک خدا بخش نے الیکٹرک چارجنگ وہیکل اسٹیشنز جبکہ بی پاور گرین انرجی کے سی ای او شیخ اسامہ ندیم نے ای زیرو بائیک کے حوالے سے بریفنگ دی۔ تقریب سے کنوینر اسٹینڈنگ کمیٹی برائے آٹوموٹیو غضنفر علی خان، ایف پی سی سی آئی کے نائب صدر آصف انعام، سابق سینئر نائب صدر خالد تواب اور مس عائشہ نے بھی خطاب کیا۔ ثاقب فیاض مگوں نے کہا کہ ہمارے ملک کا امپورٹ بل میں 30 فیصد حصہ آئل کی امپورٹ کا ہے، الیکٹرک وہیکلز آنے سے نہ صرف امپورٹ بل کم ہوگا بلکہ ملک میں پیٹرولیم مصنوعات کا استعمال کم ہو جائے گا، ہمیں جو کیپسٹی چارجز بھرنے پڑتے ہیں ان سے بھی ہماری جان چھوٹے گی اور ہماری دوسری انڈسٹریز کو بھی ترقی حاصل ہوگی۔ خالد تواب نے اپنی تقریر میں کہا کہ ملک میں ہر سطح پر فارن ایکس چینج کا استعمال کم کرنا ہوگا، ہم نے ماضی میں گیس سے ذخائر ضائع کیے انڈسٹری کو پہلے گیس دینے کے بجائے گھریلو صارفین کو گیس دی گئی جس سے روزگار دینے والی انڈسٹری کو نقصان پہنچا اور آج المیہ یہ ہے کہ مقررہ مقدار میں کسی کو بھی گیس دستیاب نہیں ہے۔

فیڈریشن چیمبر کا اسپننگ ملز کی وسیع پیمانے پر بندش پر تشویش

وفاقی حکومت ایکسپورٹ فنانس اسکیم ایکٹ 2024 سے قبل کی حالت میں بحال کرے، صدر

صنعت تباہی کے دہانے پر ہے، 40 اسپننگ ملز بند، 60 مزید بند ہونے کے قریب ہیں، عاطف اکرام

کراچی (بزنس رپورٹر) فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر، عاطف اکرام نے وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ فوری طور پر ایکسپورٹ فنانس اسکیم کو فنانس ایکٹ 2024 سے قبل کی حالت میں بحال کرے۔ اس ایکٹ میں کی جانے والی ترمیمات، جنہوں نے ایکسپورٹ مینوفیکچرنگ کے لیے مقامی سپلائیز پر سیلز ٹیکس کی چھوٹ اور صفر ریٹنگ بندش ختم کر دی ہے، نے ٹیکسٹائل انڈسٹری اور متعلقہ شعبوں کو شدید متاثر کیا ہے۔ عاطف اکرام نے اسپننگ ملز کی وسیع پیمانے پر بندش اور صنعت کو درپیش بڑے نقصانات پر گہری تشویش کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ ای ایف ایس کا غلط استعمال جس کے تحت درآمد شدہ کپاس اور یارن جو سیلز ٹیکس اور ڈیوٹی سے مستثنیٰ ہیں، مقامی مارکیٹ میں فروخت کیے جا رہے ہیں اس سے قومی خزانے کو بڑا نقصان پہنچا ہے اور مقامی صنعتکاروں کی مسابقتی پوزیشن متاثر ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری اپیلوں کا کوئی جواب نہیں دیا گیا اور مقامی صنعت تباہی کے دہانے پر ہے، 40 سے زائد اسپننگ ملز پہلے ہی بند ہو چکی ہیں اور 60 مزید ملز بند ہونے کے قریب ہیں۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اس کے اثرات ویلیو چین کی ہر سطح کے شعبوں جیسے ویونگ اور پروسیسنگ پر بھی پڑیں گے۔ ایف پی سی سی آئی کے صدر نے کہا کہ مقامی سپلائیز پر صفر ریٹ بندش ختم کرنے کا مقصد محصولاتی آمدنی بڑھانا تھا لیکن اس کا الٹا اثر ہوا ہے، اس سے کاروباری سرگرمیاں کم ہوئی ہیں اور محصولاتی آمدنی کا حجم مزید سکڑ گیا ہے۔ انہوں نے پالیسی سازی میں توازن اور منصفانہ طریقہ اپنانے کی ضرورت پر زور دیا تاکہ صنعت اور قومی خزانے دونوں کی حفاظت کی جا سکے۔ انہوں نے تجویز پیش کی کہ ای ایف ایس کے تمام فائدہ اٹھانے والوں کا دوبارہ جائزہ لیا جائے تاکہ شفافیت اور تعمیل کو یقینی بنایا جا سکے۔

انٹرنیٹ کی سست روی معیشت کو شدید متاثر کر رہی ہے، میاں زاہد

بڑی تعداد میں لوگوں کا روزگار متاثر، بیرونی کمپنیاں پاکستانی کمپنیوں سے اجتناب کر رہی ہیں

کراچی (بزنس رپورٹر) نیشنل بزنس گروپ پاکستان کے چیئرمین میاں زاہد حسین نے کہا ہے کہ انٹرنیٹ کی سست روی معیشت کو بری طرح متاثر کر رہی ہے۔ انٹرنیٹ کی سست روی سے کاروبار متاثر ہو رہے ہیں جبکہ بڑی تعداد میں لوگوں کا روزگار متاثر ہو رہا ہے۔ اس سے فارن ایکسچینج کی آمدنی بھی متاثر ہوگی اس لئے حکومت اس مسئلے کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرے۔ میاں زاہد حسین نے ایک بیان میں کہا کہ پاکستان سست ترین انٹرنیٹ والے ممالک میں شامل ہو چکا ہے۔ ایک عالمی ادارے کی رپورٹ کے مطابق موبائل انٹرنیٹ کی رفتار کے معاملہ میں پاکستان ایک سو گیارہ ممالک میں 100 ویں نمبر پر ہے جبکہ براڈ بینڈ کی رفتار کے معاملہ میں ایک سو اٹھاون ممالک میں 141 ویں نمبر پر ہے۔ میاں زاہد حسین نے کہا کہ یہ امر انتہائی قابل تشویش ہے کہ ملک میں انٹرنیٹ کی رفتار فلسطین، لبنان، لیبیا، عراق، گھانا اور بھوٹان سے بھی کم ہے جس سے اربوں روپے کی سرمایہ کاری اور لاکھوں افراد کا روزگار داؤ پر لگا ہوا ہے۔ ایک طرف حکومت آئی ٹی کی برآمدات کو پانچ ارب ڈالر تک بڑھانے کے اعلانات کر رہی ہے تو دوسری طرف انٹرنیٹ مسلسل سست روی کا شکار ہے اور ہر تھوڑی دیر کے بعد بند ہو جاتا ہے جس سے آن لائن کام اور روزگار کرنے والوں کے ساتھ کروڑوں صارفین متاثر ہو رہے ہیں۔

شوبز واسپورٹس

قائد اعظم بین الصوبائی گیمز کا پرومو جاری

لاہور (سپورٹس رپورٹر) پاکستان سپورٹس بورڈ نے قائداعظم بین الصوبائی گیمز کا پرومو جاری کر دیا، حیران کن طور پر گیمز میں شامل روایتی کھیلوں کو پرومو میں نظر انداز کرتے ہوئے شامل ہی نہیں کیا گیا۔ 30 کروڑ روپے کی زائد لاگت سے چودہ دسمبر سے اسلام آباد میں کھیلی جانے والی گیمز میں پندرہ کھیلوں کے مقابلے رکھے گئے ہیں۔ گیمز کے جاری ویڈیو پرومو میں ریسلنگ، کبڈی، ویٹ لفٹنگ کے کھیلوں کو پرومو کا حصہ ہی نہیں بنایا گیا جبکہ آرچری سمیت دیگر کھیلیں جو قائداعظم بین الصوبائی گیمز میں شامل نہیں انہیں پرومو کا حصہ بنا دیا گیا۔

بھارتی ویمنز بیٹر نے ورلڈ ریکارڈ بنا دیا

لاہور (سپورٹس رپورٹر) بھارت کی ویمنز ٹیم کی بیٹر سمرتی ماندھانا نے ورلڈ ریکارڈ بنا دیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق گزشتہ روز آسٹریلیا کے خلاف کھیلے گئے تیسرے ون ڈے میچ میں سمرتی ماندھانا نے سنچری سکور کی، یہ سنچری بھارت کو میچ تو نہ جتوا سکی لیکن بھارتی بیٹر نے ریکارڈ بک میں نام درج کرا لیا۔ سمرتی ماندھانا نے میچ میں 105 رنز سکور کیے، مجموعی طور پر اس سال ون ڈے فارمیٹ میں ان کی یہ چوتھی سنچری تھی۔ اس سے قبل 7 ویمن کرکٹرز ایک سال میں 3 سنچریاں بنا چکی ہیں، ان کی ون ڈے انٹرنیشنل میں مجموعی سنچریوں کی تعداد 9 ہو گئی۔

عالیہ رشید کو پی سی بی بورڈ آف گورنرز کے لئے نامزد

لاہور (سپورٹس رپورٹر) عالیہ رشید کو پی سی بی بورڈ آف گورنرز کے لئے نامزد کر دیا گیا۔ عالیہ رشید پی سی بی بورڈ آف گورنرز میں سرکاری ٹی وی کی نمائندگی کریں گی، عالیہ رشید کو اسامہ اظہر کی جگہ نامزد کیا گیا ہے، پی ٹی وی اور پی سی بی کے درمیان تمام معاملات عالیہ رشید دیکھیں گی۔ عالیہ رشید نے حال ہی میں پی ٹی وی میں ایگزیکٹو ڈائریکٹر سپورٹس کا عہدہ سنبھالا ہے، عالیہ رشید اس سے قبل پی سی بی میں ڈائریکٹر میڈیا کے فرائض انجام دے چکی ہیں۔

ریڈ بال کوچ ٹم نیلسن کا پاکستان ٹیم کے ساتھ سفر ختم

لاہور (سپورٹس رپورٹر) پاکستان کرکٹ بورڈ نے ٹیسٹ ٹیم کے کوچ ٹم نیلسن کے معاہدے میں مزید توسیع نہیں کی۔ پی سی بی نے جنوبی افریقہ کے خلاف ٹیسٹ سیریز کے لیے ہائی پرفارمنس ریڈ بال کوچ ٹم نیلسن کے معاہدے میں توسیع نہیں کی ہے۔ کرکٹ ویب سائٹ سے گفتگو کرتے ہوئے ٹم نیلسن نے کہا کہ میں توسیع کے حوالے سے انتظار کر رہا تھا، ہم اچھے انداز سے آگے بڑھ رہے تھے، جنوبی افریقہ اور ویسٹ انڈیز کے خلاف سیریز کے لیے تیار تھے مگر پی سی بی نے بتایا ہے کہ آپ کی خدمات درکار نہیں ہیں۔ دوسری جانب اسسٹنٹ کوچ ٹم نیلسن کا پی سی بی کے ساتھ سفر ختم جیسن گلیسپی نے بھی دیگر آپشنز پر غور شروع کر دیا ہے۔

ہارون ملک کی فیفا غیر معمولی کانگریس میں شرکت

لاہور (سپورٹس رپورٹر) پاکستان فٹبال فیڈریشن کی نارملائزیشن کمیٹی کے چیئرمین ہارون ملک نے فیفا کی غیر معمولی کانگریس 2024 میں شرکت کی، جو کہ آن لائن زوم سیشن کے ذریعے منعقد ہوئی۔ غیر معمولی کانگریس کا آغاز فیفا قوانین کے ساتھ مطابقت کے اعلان سے ہوا، جس کے بعد ممبر ایسوسی ایشنز کے تقرر اور جنس کی جانچ پر غور کیا گیا۔ سیشن میں ممبر ایسوسی ایشنز کی معطلی یا اخراج جیسے اہم معاملات بھی زیر غور آئے۔ فیفا کے صدر جیانی انفینٹینو کی جانب سے فیفا ورلڈ کپ 2034 کی میزبانی کا بھی باقاعدہ اعلان کیا گیا۔ چیئرمین پی ایف ایف این سی ہارون ملک نے سعودی ہم منصب یاسر المسحل کو 2034 فیفا ورلڈ کپ کی بولی جیتنے پر دلی مبارکباد اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

چیمپئنز ٹرافی: نیشنل سٹیڈیم کی تزئین وآرائش شروع

لاہور (سپورٹس رپورٹر) آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کیلئے نیشنل سٹیڈیم کی تزئین وآرائش کے ساتھ پچز کی تیاری بھی شروع کر دی گئی۔ آسٹریلیا سے تعلق رکھنے والے پی سی بی کے چیف کیوریٹر ٹونی ہیمنگ کی زیر نگرانی پچز بنانے کا عمل جاری ہے۔ کراچی کے 2 روزہ دورے پر آنے والے غیر ملکی چیف کیوریٹر نے گزشتہ روز مقامی کیوریٹرز کی مدد سے سکوائرز کے جاری کام کا جائزہ لیا اور متعلقہ عملے کو ضروری ہدایات بھی دیں۔ ذرائع کے مطابق چیمپئنز ٹرافی سے قبل ویسٹ انڈیز کے خلاف اگلے ماہ نیشنل سٹیڈیم میں شیڈول ٹیسٹ کے لیے سیمنٹ پچ تیار کی جا رہی ہے۔

خضری کرکٹ کلب نے گولڈن سٹار کرکٹ کلب کو ہرا دیا

لاہور (سپورٹس رپورٹر) 27 ویں توصیف ٹرافی کرکٹ چیمپئن شپ کے اہم میچ میں خضری کرکٹ کلب نے گولڈن سٹار کرکٹ کلب کو باآسانی 71 رنز سے شکست دیدی۔ کارمن ریلوے گراؤنڈ میں خضری کلب نے پہلے کھیل کر مقررہ 40 اوورز میں 9 وکٹوں کے نقصان پر 301 رنز بنائے شاہ رخ علی نے شاندار 104 اور حمزہ نواز نے 70 رنز بنائے محمد عرفان نے 3 وکٹیں حاصل کیں۔ ہدف کے تعاقب میں گولڈن سٹار کرکٹ کلب مقررہ اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 230 رنز بنا سکی۔ شاہ رخ علی شاندار آل راؤنڈ کارکردگی کی بدولت میچ کے بہترین کھلاڑی قرار پائے۔ منیجر کرکٹ آپریشنز ایل سی سی اے عابد حسین نے شاہ رخ علی اور حمزہ نواز کو خصوصی پرائز بھی دیا۔

سٹرائیکرز کو شکست، کانکررز 3 وکٹوں سے کامیاب

PLAYER of the MATCH
50,000

لاہور (سپورٹس رپورٹر) نیشنل ویمن ون ڈے ٹورنامنٹ کے گیارہویں میچ میں کانکررز نے چیلنجرز کو تین وکٹوں سے شکست دے دی۔ چیلنجرز کی ٹیم 32 اوورز میں دس وکٹوں کے نقصان پر 158 رنز بنانے میں کامیاب ہوئی۔ کانکررز کی سیدہ عروب شاہ نے 4 جبکہ ماہ نور آفتاب نے 3 وکٹیں حاصل کیں۔ کانکررز کی ٹیم نے سینتیسویں اوور میں 7 وکٹوں کے نقصان پر مطلوبہ ہدف حاصل کر لیا۔ پلیئر آف دی میچ حفصہ خالد نے 73 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی۔

ورلڈ ٹیم سکواش چیمپئن شپ قومی کھلاڑیوں کا سفر تمام

لاہور (سپورٹس رپورٹر) ورلڈ ٹیم سکواش چیمپئن شپ میں پاکستان ٹیم ایک بار پھر خاطر خواہ کارکردگی دکھانے میں ناکام رہی۔ پاکستانی قومی ٹیم کا سفر کوارٹر فائنل راؤنڈ میں پہنچنے سے قبل ہی تمام ہو گیا۔ ہانگ کانگ میں جاری میگا ایونٹ میں پاکستانی پلیئرز ناک آؤٹ راؤنڈ میں بہتر پرفارم نہ کر سکے اور پری کوارٹر فائنل میں جرمنی سے 1-2 کی شکست نے چیمپئن شپ سے پاکستان کو آؤٹ کر دیا۔

فیم چیلنج کپ: ٹاپ 16 کیلئے جلو کلب، ٹی ڈبلیو کے کامیاب

لاہور (سپورٹس رپورٹر) فیم سپورٹس چیلنج کپ کے راؤنڈ 32 میں مزید ٹیمیں کامیاب ہو گئیں۔ جلو فٹ بال کلب اور ٹی ڈبلیو کے ایف سی نے ایونٹ کے پری کوارٹر فائنل مرحلے میں رسائی حاصل کر لی۔ پہلے میچ میں جلو فٹ بال کلب نے ندیم ایف سی کو پینلٹی ککس کے ذریعے چار تین سے شکست دے کر ایونٹ کے پری کوارٹر فائنل مرحلے میں رسائی حاصل کر لی۔ دونوں ٹیموں کے درمیان میچ مقررہ وقت تک بغیر کسی گول کے برابر رہا تھا۔ دوسرے میچ میں ڈالفن فٹ بال کلب اور ٹی ڈبلیو کے کلب کے درمیان کانٹے کی ٹکر ہوئی۔ دلچسپ مقابلہ مقررہ وقت تک دو دو گول سے برابر رہا تاہم پینلٹی شوٹ آؤٹس پر ٹی ڈبلیو کے فٹ بال کلب تین کے مقابلے چار گول سے فتحیاب رہی۔

پہلے فلمی سیٹ پر صنفی توازن آج جیسا نہیں تھا: دیا مرزا

فلم رہنا ہے تیرے دل میں کو دوبارہ ریلیز ہونے کے بعد پذیرائی مل گئی

ممبئی (شوبز ڈیسک) بالی ووڈ اداکارہ دیا مرزا نے اپنے انٹرویو میں اس بات کا انکشاف کیا ہے کہ ایک بار راجستھان میں ان کی فلم تم کو نہ بھول پائیں گے کی شوٹنگ کے دوران اداکار سلمان خان نے انہیں سیکڑوں لوگوں کے ہجوم سے بچایا تھا۔ دیا مرزا کی پہلی فلم رہنا ہے تیرے دل میں دوبارہ ریلیز ہونے کے بعد پذیرائی حاصل کر رہی ہے ایسے موقع پر اداکارہ نے سلمان خان کے ساتھ اپنی فلم تم کو نہ بھول پائیں گے کے بارے میں بات کرتے ہوئے دیا مرزا نے بتایا کہ اس دور میں سیٹ پر صنفی توازن آج کے جیسا نہیں تھا۔ اداکارہ نے بتایا کہ ایک دن جب ہم واپس آ رہے تھے تو سیکڑوں لوگ ہمارا پیچھا کر رہے تھے، وہ چیخ رہے تھے اور سیٹیاں بجا رہے تھے۔ اداکارہ نے بتایا کہ مجھے اور سلمان خان کو ایک ہی گاڑی میں سکیورٹی کے ساتھ بھیجا گیا تاکہ ہم محفوظ رہیں۔

والد کو فلموں میں مرتا نہیں دیکھ سکتی تھی: اننیا پانڈے

اسی لئے چنکی پانڈے کی فلمیں دیکھنا چھوڑ دی تھیں: اداکارہ کی گفتگو

ممبئی (شوبز نیوز) بالی ووڈ اداکارہ اننیا پانڈے نے انکشاف کیا ہے کہ انہوں نے اپنے ہی والد چنکی پانڈے کی فلمیں دیکھنا بند کر دی تھیں۔ حال ہی میں ایک انٹرویو میں اننیا نے انکشاف کیا کہ انہوں نے بچپن میں اپنے والد کی فلمیں دیکھنا بند کر دیں تھیں کیونکہ کی فلموں کو دیکھ کر وہ صدمے کا شکار ہوئیں اس حوالے سے بات کرتے ہوئے اننیا کا کہنا تھا کہ میں اپنے والد کی زیادہ فلمیں نہیں دیکھتی تھی کیونکہ مجھے بہت ڈر لگتا تھا کہ وہ فلم میں مر جائیں گے۔ اداکارہ نے بتایا کہ جب میں چھوٹی تھی، میں نے فلم دی تھپی دیکھی جس میں اچانک والد کو گولی مار دی گئی اور فلم میں وہ مر گئے۔ حالانکہ اس وقت میرے والد میرے پاس ہی بیٹھے تھے لیکن مجھے لگا یہ حقیقت ہے۔

بقیہ بقیہ جات 1

ایکٹ دفعات کو کالعدم قرار دیا گیا۔ جسٹس جمال خان مندوخیل نے کہا کہ خصوصی کورٹس بارے پورا کیس آرٹیکل 8 کے گرد گھومتا ہے۔ جسٹس علی مظہر نے کہا کہ کیا 5 رکنی بینچ نے آرمی ایکٹ دفعات کو آرٹیکل 8 سے متصادم قرار دیا، آرمی ایکٹ کی دفعات کو آرٹیکل 8 سے متصادم ہونے کا کیا جواز فیصلے میں دیا گیا۔ جسٹس جمال خان مندوخیل نے کہا کہ جو شخص آرمڈ فورسز میں نہیں وہ اس کے ڈسپلن کے نیچے کیسے آسکتا ہے، جس پر وفاقی حکومت کے وکیل خواجہ حارث نے جواب دیا کہ اگر قانون اجازت دیتا ہے تو ڈسپلن کا اطلاق ہوگا۔ جسٹس جمال خان مندوخیل نے ریمارکس دیے کہ ایک شخص آرمی میں ہے اس پر ملٹری ڈسپلن کا اطلاق ہوگا، ایک شخص محکمہ زراعت میں ہے اس پر محکمہ زراعت کے ڈسپلن کا اطلاق ہوگا، اگر کوئی شخص کسی محکمے میں سرے سے ہیں نہیں اس پر آرمڈ فورسز کے ڈسپلن کا اطلاق کیسے ہوگا؟ کیا غیر متعلقہ شخص کو ڈسپلن کے نیچے لانا آرٹیکل 8 کی خلاف ورزی نہیں ہوگی۔ وفاقی حکومت کے وکیل خواجہ حارث نے کہا کہ مخصوص حالات میں سویلین پر بھی آرمی ایکٹ کا اطلاق ہوتا ہے، سپریم کورٹ کے اس نقطہ پر کوئی عدالتی فیصلہ موجود ہے۔ جسٹس علی مظہر نے ریمارکس دیے کہ ایف بی علی اور شیخ ریاض علی کیس میں یہی قرار دیا گیا، 4 ججز نے فیصلے میں آرمی ایکٹ دفعات کو کالعدم کیا، جس پر خواجہ حارث نے کہا کہ عدالت کے پاس آرمی ایکٹ دفعات کو کالعدم کرنے کا اختیار نہیں۔ جسٹس جمال خان مندوخیل نے ریمارکس دیے کہ اس طرح تو اگر کوئی اکسانے کا سوچے اس پر بھی آرمی ایکٹ کا اطلاق ہوگا، کیا آرمی ایکٹ نے آئین کے آرٹیکل 8 کے سیکشنز 1 کو غیر موثر نہیں کر دیا، کیا سویلین پر آرمی ایکٹ کا اطلاق ہوسکتا ہے، جس پر وکیل خواجہ حارث نے کہا کہ ملٹری ٹرائل میں بھی فیئر ٹرائل کے آرٹیکل 10 اے موجود ہوتا ہے۔ جسٹس علی مظہر نے کہا کہ ملٹری کورٹ فیصلے کے خلاف انٹرا کورٹ اپیلیں کو یہاں سنا جا رہا ہے، عدالتی فیصلہ میں سب سے پہلے نقائص کی نشاندہی کرے۔ جسٹس جمال خان مندوخیل نے کہا کہ آئینی بینچ انٹرا کورٹ اپیلوں میں بھی آئینی نقطہ کا جائزہ لے سکتا ہے۔ جسٹس علی مظہر نے کہا کہ برادر جج کے آبزرویشن سے میرا اختلاف نہیں، فیصلے میں نقائص کی نشاندہی بھی ضروری ہے۔ جسٹس جمال خان مندوخیل نے کہا کہ پاکستان میں سب سے بڑا عہدہ صدر پاکستان کا ہے، اگر صدر ہاؤس پر حملہ ہوتا ملزم کو ٹرائل انسداد دہشت گردی عدالت میں ہوگا، اگر آرمی املاک پر حملہ ہو تو ٹرائل ملٹری کورٹ میں ہوگا، جس پر خواجہ حارث نے کہا کہ یہ فیصلہ قانون سازوں نے قانون سازی سے کیا ہے۔ جسٹس مسرت ہلالی نے استفسار کیا کہ کیا ملٹری کورٹ ٹرائل میں وکیل کی اجازت ہوتی ہے؟ کیا ملٹری کورٹ میں ملزم کو تمام مواد فراہم کیا جاتا ہے؟ جس پر وفاقی حکومت کے وکیل نے بتایا کہ ملٹری کورٹ میں ملزم کو وکیل اور تمام متعلقہ مواد فراہم کیا جاتا ہے۔ جسٹس جمال خان مندوخیل نے پوچھا کہ اگر ایک فوجی اپنے افسر کا قتل کر دے تو کیس کہاں چلے گا؟ جس پر خواجہ حارث نے بتایا کہ قتل کا کیس عام عدالت میں چلے گا۔ جسٹس جمال خان مندوخیل نے کہا کہ جو شخص آرمی ایکٹ کا سبجیکٹ نہیں اسکو بنیادی حقوق کیسے محروم کیا جاسکتا ہے۔ بعدازاں سپریم کورٹ نے ملٹری کورٹ کیس کی سماعت جمعہ تک ملتوی کر دی۔

بقیہ بقیہ جات 2

اور پر امید تبادلہ خیال ہوا۔ امریکی کانگریس کی فنانشل سروسز کمیٹی کی رینکنگ ممبر میکسین واٹرز سے ملاقات کا احوال بیان کرتے ہوئے سفیر پاکستان نے لکھا کہ رکن کانگریس میکسین واٹرز سے مل کر خوشی ہوئی۔ وہ ہمیشہ پاکستان کی عظیم دوست رہی ہیں۔ تجارت اور سرمایہ کاری، فنانشل سروسز، عوامی روابط اور دفاع اور سلامتی کے شعبہ جات میں تعاون کو مزید فروغ دینے کے حوالے سے پاک امریکہ دوطرفہ تعلقات کو بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ سفیر پاکستان رضوان سعید شیخ نے اپنے ٹویٹ میں لکھا کہ رکن کانگریس جان رودرفورڈ کے ساتھ انتہائی خوشگوار اور نتیجہ خیز ملاقات ہوئی۔ پاک امریکہ تعلقات کو مضبوط بنانے کی راہیں تلاش کی گئیں۔ خوشگوار بات چیت میں تجارت، سرمایہ کاری، آئی ٹی اور زراعت میں باہمی طور پر سود مند نتائج حاصل کرنے کے لیے آنے والی ریپبلکن انتظامیہ کے دوران روابط پر توجہ مرکوز کی گئی۔ پاکستان کے ساتھ دوطرفہ تعلقات میں رکن کانگریس کی گہری دلچسپی کو سراہتے ہیں۔ رکن کانگریس رینڈی ویبر سے ملاقات کے بعد سفیر پاکستان نے ٹویٹ کیا کہ کانگریس مین رینڈی ویبر پاکستان کے دیرینہ دوست ہیں اور مضبوط پاک امریکہ تعلقات کے حامی ہیں۔ ملاقات میں تجارت، سرمایہ کاری اور تکنیکی تعاون پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ پاکستان اور امریکی ریاست ٹیکساس کے درمیان مزید بہتر روابط و تعلقات کے لئے اقتصادی تعامل کو فروغ دیا جائے گا۔ سفیر پاکستان رضوان سعید شیخ نے ایک اور ٹویٹ میں کہا کہ کانگریس مین رابرٹ بی ایڈر ہولٹ سے مل کر خوشی ہوئی۔ تجارت، سرمایہ کاری، موسمیاتی تبدیلی، برآمدی صنعتوں، آئی ٹی کے ساتھ ساتھ سیکیورٹی تعاون، انسداد دہشت گردی اور دفاع کے شعبہ جات میں پاک امریکہ تعلقات کو بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ سفیر پاکستان نے رکن کانگریس ایڈر ہولٹ کو پاکستان کے دورے کی دعوت بھی دی۔

بقیہ بقیہ جات 3

میں کلاس روم پہنچیں جہاں بچوں کو آرٹیفیشل انٹیلی جنس ایجوکیشن سکھانے کے جدید طریقہ کار کا مشاہدہ کیا۔ مریم نواز نے آرٹیفیشل انٹیلی جنس (اے آئی) کے بارے میں دریافت کیا، سکول کے بجٹ، نصاب، طریقہ تعلیم اور ایکسپرٹ ٹیچر کے بارے میں بھی پوچھا۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے شنگھائی ایکسپیریمنٹل سکول کے طلبہ کی اے آئی تخلیقات کا معائنہ کیا، ضلع جیاڈنگ کی ڈائریکٹر بیورو آف ایجوکیشن گوان وینجی، شنگھائی ایکسپیریمنٹل سکول اور چائنیز اکیڈمی آف سائنسز کے صدر زیا ہانگ می سے ملاقات بھی کی جہاں مریم نواز کو چین کے ایجوکیشن سسٹم کے بارے میں خصوصی بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو بتایا گیا کہ شنگھائی ایکسپیریمنٹل سکول بچوں کو آرٹیفیشل انٹیلی جنس کے علوم سکھانے کیلئے قائم کیا گیا ہے، 12 سے 15 سال کے بچوں کو اے آئی کی جدید ٹیکنیک سے آگاہ کیا جاتا ہے۔ دوران بریفنگ مزید بتایا گیا کہ سکول میں کمسن طلبہ کو آرٹیفیشل انٹیلی جنس پر مفت تعلیم دی جاتی ہے، شنگھائی ایکسپیریمنٹل سکول میں شنگھائی اور گرد و نواح کے بچے زیر تعلیم ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 4

وزراء، چین کے قونصل جنرل نے شرکت کی۔ ملاقات کے دوران صدر مملکت آصف علی زرداری نے پاکستانی معیشت کے مختلف شعبوں میں چینی سرمایہ کاری بڑھانے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور چین کے مابین اقتصادی اور تجارتی تعاون فروغ دینے کی ضرورت ہے، دونوں ممالک کے عوام بالخصوص سرمایہ کاروں اور کاروباری اداروں کے درمیان روابط بڑھانا ہوں گے۔ وفد نے ملکی شعبہ صحت کی ترقی کیلئے پاکستان میں میڈیکل سٹی کے قیام کیلئے 1 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری میں دلچسپی کا اظہار کیا جبکہ معیشت کے مختلف شعبوں بالخصوص زراعت، لائیو سٹاک، توانائی، ٹرانسپورٹ اور مینوفیکچرنگ میں سرمایہ کاری میں بھی دلچسپی ظاہر کی۔ اس موقع پر صدر مملکت آصف علی زرداری کا کہنا تھا کہ پاکستان اور چین کے درمیان گہرے اور تاریخی برادرانہ تعلقات ہیں، دونوں ممالک کے اہم امور پر مشترکہ مفادات اور خیالات ہیں، پاکستان اور چین کے مابین کئی دہائیوں پر محیط گہری دوستی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گوادر پورٹ کو ایک علاقائی تجارتی اور اقتصادی حب کے طور پر ترقی دینا میرا وژن تھا، گوادر بندرگاہ سے نہ صرف علاقائی روابط بہتر ہوں گے بلکہ علاقائی تجارت اور اقتصادی تعاون کو بھی فروغ ملے گا، پاکستان چینی سرمایہ کاروں کو خوش آمدید کہے گا، پاکستان چین کے ساتھ اقتصادی تعلقات اور کاروبار کو ترجیح دے گا۔ صدر مملکت کا کہنا تھا کہ چینی سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولت اور مدد فراہم کرنے کیلئے پرعزم ہیں، سندھ میں چینی زبان کے کورسز متعارف کرائے گئے ہیں، چینی زبان کے کورسز پاکستان اور چین کے درمیان عوامی اور ثقافتی روابط مضبوط بنانے کی جانب اہم قدم ثابت ہوں گے۔

بقیہ بقیہ جات 5

اہلیہ بشریٰ بی بی کی ضمانت منسوخ کرانے میں ناکام ہو گیا۔ توشہ خانہ ٹو کیس میں بشریٰ بی بی کی ضمانت منسوخی کی ایف آئی اے کی درخواست پر اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے سماعت کی جہاں بشریٰ بی بی اور ان کے وکیل بیرسٹر سلمان صفدر عدالت میں پیش ہوئے۔ ایف آئی اے نے مؤقف اختیار کیا کہ بشریٰ بی بی ضمانت ملنے کے بعد ٹرائل کورٹ میں متعدد سماعتوں پر پیش نہیں ہوئیں، بشریٰ بی بی ضمانت کی رعایت کا غلط استعمال کر رہی ہیں لہٰذا ان کی ضمانت منسوخ کی جائے۔ جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے استفسار کیا بشریٰ بی بی آپ کے کنٹرول میں نہیں؟ ان کیسز کو سنجیدہ لینا چاہیے۔ بشریٰ بی بی کے وکیل بیرسٹر سلمان صفدر نے کہا کہ بشریٰ بی بی یہاں کمرہ عدالت میں موجود ہیں، جس پر عدالت نے کہا اگر وہ ٹرائل کورٹ میں پیش نہیں ہوں گی تو ضمانت منسوخی ہی دائر ہوگی۔ بیرسٹر سلمان صفدر نے کہا کہ توشہ خانہ ٹو کیس میں ٹرائل جلد بازی میں چلایا جا رہا ہے، پہلے بھی ٹرائل اسی طرح چلائے گئے۔ ایف آئی اے بشریٰ بی بی کی ضمانت منسوخ کرانے میں ناکام ہوگئی اور اسلام آباد ہائیکورٹ نے ہدایات کے ساتھ ایف آئی اے کی درخواست نمٹا دی۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے کہا کہ ضمانت کی رعایت کا ملزم غلط استعمال کرے تو ٹرائل کورٹ بھی ضمانت منسوخ کر سکتی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 6

میڈیا پر پروپیگنڈا کرنے کے ٹھوس شواہد موجود ہیں اور مزید مجرموں کی شناخت اور ان کے خلاف قابل اطلاق قوانین کے تحت کارروائی عمل میں لائی جارہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 7

جسٹس جمال مندوخیل نے کہا کہ آئین صدر پاکستان کو آرڈیننس جاری کرنے کا اختیار دیتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 8

کے علاوہ ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی بھی موجود تھیں۔ جج شاہ رخ ارجمند نے فرد جرم پڑھ کر سنائی، ملزمان نے صحت جرم سے انکار کر دیا۔ بعدازاں توشہ خانہ ٹو کیس کی سماعت 18 دسمبر تک ملتوی کر دی گئی۔ واضح رہے کہ کیس کی ابتدائی تحقیقات نیب نے کی تھی، نیب ترامیم کی روشنی میں یہ کیس ایف آئی اے کو منتقل کر دیا تھا، ستمبر 2024 میں ایف آئی اے نے ضروری تحقیقاتی کارروائی کے بعد چالان عدالت میں جمع کرایا تھا۔ کیس کی گزشتہ سماعت 5 دسمبر کو اڈیالہ جیل میں ہوئی، سماعت کے دوران بشریٰ بی بی عدالت میں حاضر نہیں ہوئی تھیں جس پر عدالت نے ان کے وارنٹ گرفتاری جاری کر دیئے تھے۔ عدالت نے ملزمہ کے ضامن کو بھی نوٹس جاری کرتے ہوئے کیس کی سماعت ملتوی کر دی تھی۔ یاد رہے کہ اس سے قبل ا?ج توشہ خانہ کیس ٹو میں بانی پی ٹی آئی عمران خان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی ضمانت منسوخی کی درخواست اسلام آباد ہائیکورٹ نے نمٹا دی تھی۔

بقیہ بقیہ جات 9

نے سیاست میں حصہ لیا۔ کراچی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ میں ہمیشہ اپنا کردار ادا کرنے کے لیے تیار ہوں، ملک کے لیے جان بھی قربان کر سکتے ہیں۔ عارف علوی نے کہا کہ عدالت نے سندھ حکومت اور ایف آئی اے سے میرے خلاف مقدمات کی تفصیلات مانگی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سابق صدر کے خلاف ایک 2014 کی ایف آئی آر ہے کہ وہ اسلحہ سپلائی کرتے ہیں، عدالت نے مذاقاً کہا سابق صدر کسی کو قتل نہ کر دیں۔ پی ٹی آئی کے رہنما و سابق صدر نے کہا کہ ہمیشہ سے یہی کہنا تھا کہ مذاکرات کرو، اگر اب کوئی پیشرفت ہوئی ہے تو مثبت ہوگی۔

بقیہ بقیہ جات 10

رفت اچھی ہے، اسلامی کانفرنس کے انعقاد پر ایس ای سی پی، ایئوفی، اسلامک ڈیولپمنٹ کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ سینیٹر اورنگزیب کا کہنا ہے کہ اسلامی مالیاتی نظام پر منتقلی کے سفر میں سب کو مل کر چلنا ہے، شریعہ اصولوں پر مرتب پروڈکٹ سے صارف کا اعتماد حاصل کرنا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت کو سکوک کے ذریعے سود سے پاک قرض مل سکتا ہے، دنیا میں ویلیو فنانشل خدمات کی مانگ بڑھ رہی ہے۔ سینیٹر اورنگزیب کا کہنا ہے کہ ایس ای سی پی ریگولیٹری ماحول فراہم کر رہا ہے، ایس ای سی پی کی توجہ شعبے کی صلاحیت بڑھانے پر بھی ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ معاشی چیلنجز درپیش تھے انہیں حل کیا ہے، ہماری معاشی سمت درست ہے۔

بقیہ بقیہ جات 11

منظوری چیئرمین نیب لیفٹیننٹ جنرل (ر) نذیر احمد نے بورڈ میٹنگ میں دی۔ ترجمان کے مطابق ڈائریکٹر جنرل نیب لاہور امجد مجید اولکھ مارچ 2023 سے بطور ڈی جی نیب خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 12

احمد خان نے کہا ہے کہ وزیراعظم یوتھ پروگرام نیشنل ایڈولسنٹ اینڈ یوتھ پالیسی بنا رہا ہے، اس پالیسی سازی میں نوجوانوں کا کردار نہایت اہم ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنی زیر صدارت نیشنل ایڈولسنٹ اینڈ یوتھ پالیسی کی ٹاسک فورس کے پہلے اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ یوتھ پالیسی کے حوالے سے منعقدہ اجلاس میں وزارت بین الصوبائی روابط، وزارت وفاقی ایجوکیشن، وزارت سائنس اور ٹیکنالوجی اور تمام صوبوں کے نمائندگان اور ڈویلپمنٹ سیکٹر سے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں رانا مشہود احمد خان نے کہا کہ اس وقت 30 سال سے کم عمر کے پاکستانی نوجوانوں کی تعداد 160 ملین ہے، نوجوانوں کو مواقع فراہم کرنے کیلئے پالیسی سازی اہم ضرورت ہے۔ وزیراعظم یوتھ پروگرام نیشنل ایڈولسنٹ اینڈ یوتھ پالیسی بنا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی پہلی نیشنل یوتھ پالیسی کی تشکیل کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا ہے، اس مقصد کیلئے تمام سٹیک ہولڈرز پر مبنی ایک ٹاسک فورس تشکیل دی گئی ہے۔ رانا مشہود احمد خان نے کہا کہ پاکستانی نوجوانوں کو درست سمت میں رہنمائی اور تمام مواقع مہیا کرنا ہماری ذمہ داری ہے، اس پالیسی سازی میں نوجوانوں کا کردار نہایت اہم ہوگا، تمام نوجوانوں کو آگے بڑھنے کے یکساں مواقع فراہم کرنا ہوں گے۔

بقیہ بقیہ جات 13

ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان کی وفد نے ملاقات کی جس میں عمر ایوب خان نے کمیشن ممبران کو 24، 25، 26 نومبر کو تحریک انصاف کے احتجاج میں ہونے والے واقعات پر مکمل بریفنگ دی۔ ملاقات میں چیئرمین تحریک انصاف بیرسٹر گوہر، سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر، سردار لطیف کھوسہ اور قومی اسمبلی کے ممبران موجود تھے۔ عمر ایوب خان نے کہا کہ ہمارے ورکرز اور لیڈران پر سیدھی گولیاں چلائی گئی جو انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس واقعات کی مکمل شفاف تحقیقات ہونی چاہیں۔ انہوں نے کہا کہ معصوم لوگوں پر اس طرح گولیاں چلانا کون سی انسانی حقوق ہے یہ حکومت کی سراسر بدماشی پر اتر آئی ہیں اور انہوں نے ماڈل ٹاؤن والا سانحہ پھر دہرایا ہے۔ سینئر رہنما اسد قیصر نے کہا کہ احتجاج کی آڑ میں غریب لوگوں کو اٹھایا گیا ہے جن کا کسی پارٹی سے کوئی تعلق نہیں ہے اور کچھ لوگوں کو احتجاج کی آڑ میں 9 مئی میں ایف آئی آرز کرائی جارہی ہیں۔ چیئرمین بیرسٹر گوہر نے کہا کہ انکوائری کمیشن بنائی جائے کہ اگر ہمارے ورکرز پر کچھ ثابت ہوتا ہیں تو ہم ان سپورٹ نہیں کرینگے۔ انہوں نے کہا کہ اس احتجاج میں فیملیز بڑی تعداد میں شامل تھے اور یہ ایک پرامن احتجاج تھا جس کو حکومت نے خود انتشار کر کے ہمارے ورکرز کو گرفتار کیا شہید کیا اور گرفتار کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے سارے رہنماؤں پر درجنوں ایف آئی آرز درج کی گئی۔ سردار لطیف کھوسہ نے کہا کہ موجودہ حکومت آئین اور قانون کی پاسداری نہیں کر رہی ہے پالیمنٹ سے سارے قانون عوام کی فلاح و بہبود کے بجائے اپنے مفاد کے لئے کر رہی ہے۔ ممبر قومی اسمبلی عادل بازئی نے کہا کہ میرا ایک ارب روپے کا پلازہ گرایا مجھے 26 ویں آئینی ترمیم میں ووٹ ڈالنے پر زدوکوب کیا گیا اور مجھے اسمبلی کی نشست بھی چھینی گئی لیکن اللہ نے میری مدد کی اور سپریم کورٹ نے میرے حق میں فیصلہ سنایا اور میری اسمبلی کی سیٹ بحال کر دی۔

بقیہ بقیہ جات 14

شاہ کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ نے کی۔ سپریم کورٹ نے عادل بازئی کی اپیل منظور کر لی۔ عدالت نے کہا ہے کہ تفصیلی فیصلہ بعد میں جاری کیا جائے گا۔ واضح رہے کہ الیکشن کمیشن نے 63 اے کے تحت عادل بازئی کو قومی اسمبلی سے ڈی سیٹ کر دیا تھا۔ 9 دسمبر کو سپریم کورٹ آف پاکستان نے رکن قومی اسمبلی عادل بازئی کی رکنیت بحال کی تھی۔ جس کے بعد سپریم کورٹ نے الیکشن کمیشن سمیت فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے کیس کی سماعت 12 دسمبر تک ملتوی کر دی تھی۔ یاد رہے کہ ڈی سیٹ قرار دیے گئے رکن قومی اسمبلی عادل بازئی نے الیکشن کمیشن کا فیصلہ سپریم کورٹ میں چیلنج کیا تھا۔ الیکشن کمیشن نے پارٹی پالیسی کی خلاف ورزی پر مسلم لیگ ن کے قومی اسمبلی عادل بازئی کو ڈی سیٹ کیا تھا۔ عادل خان بازئی کی نااہلی کا ریفرنس پارٹی صدر ن لیگ نواز شریف نے اسپیکر کو بھجوایا تھا، انہوں نے بجٹ سیشن کے دوران پارٹی ہدایت کی خلاف ورزی کی تھی۔ عادل بازئی حکومتی بینچز سے اٹھ کر اپوزیشن بینچز پر بیٹھ گئے تھے۔ عادل خان بازئی بطور آزاد امیدوار قومی اسمبلی کے حلقے 262 سے قومی اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے تھے۔ 18 فروری کو ن لیگ کا جبکہ 20 فروری کو سنی اتحاد کونسل کا عادل بازئی کی پارٹی شمولیت کا سرٹیفکیٹ جمع کرایا گیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 15

اے ایجنسی کو بھیجنے کی استدعا مسترد کرتے ہوئے ایف آئی اے کے اسپیشل جج سینٹرل کو بھیج دیا ہے۔ اسلام آباد کی احتساب عدالت نمبر 3 کی جج عابدہ سجاد نے صدر آصف زرداری، سابق وزیراعظم نواز شریف اور سابق وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کی توشہ خانہ کی گاڑیوں کا مقدمہ ایف آئی اے کو بھجوانے کی استدعا پر محفوظ شدہ فیصلہ سنا دیا۔ عدالت نے توشہ خانہ گاڑیوں کا کیس ایف آئی اے ایجنسی کو بھیجنے کی استدعا مسترد کر دی۔ احتساب عدالت کی جج عابدہ سجاد نے ریفرنس ایف آئی اے کے اسپیشل جج سینٹرل کو بھیج دیا، قومی احتساب بیورو (نیب) کی جانب سے کیس ایف آئی اے عدالت میں بھیجنے کی استدعا کی گئی تھی۔ واضح رہے کہ 7 نومبر کو ہونے والی سماعت نیب نے گاڑیوں کا ریفرنس اسپیشل جج سینٹرل کی عدالت منتقل کرنے کی استدعا کرتے ہوئے کہا تھا کہ یہ مقدمہ اب نیب کے دائرہ اختیار میں نہیں آتا۔

بقیہ بقیہ جات 16

سے کس طرح بجلی بنائی جاسکتی ہے، کیسے استعمال میں لایا جاسکتا ہے، وزیراعلیٰ نے یہ بھی دیکھا، سولر پروگرام کو آگے لے جانے کیلئے دنیا کی بڑی کمپنیوں سے بات چیت ہوگی۔ ان کا کہنا تھا کہ پنجاب کیلئے ایک انویسٹمنٹ کانفرنس شروع ہونے جارہی ہے، کانفرنس میں دنیا کی بڑی بڑی کمپنیز شریک ہوں گی۔ صوبائی وزیر اطلاعات نے مزید کہا کہ پنجاب میں انڈسٹری سے متعلق بڑے اقدامات ہونے جارہے ہیں، ہم تین بہت بڑے ایم او یوز بینک آف پنجاب کے ساتھ سائن کرنے جارہے ہیں، انویسٹمنٹ کانفرنس سے بہت ساری فیلڈ میں بڑی کمپنیاں سرمایہ کاری کریں گی۔

بقیہ بقیہ جات 17

وہیکلز پالیسی کا چوتھا اجلاس ہوا جس میں موٹر ویز اور قومی شاہراہوں پر 40 چارجنگ سٹیشنز کی تعمیر کی پیشرفت کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں وفاقی حکومت کی جانب سے فیڈرل بورڈ کے ٹاپ 120 طلبہ کو مفت الیکٹرک بائیکس دینے کا فیصلہ کیا گیا۔ رانا تنویر حسین نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ سی ڈی اے تمام پٹرول پمپس پر چارجنگ سٹیشنز نصب کرے، 39000 الیکٹرک بائیکس اور 1900 الیکٹرک رکشے رعایتی قرض پر فراہم کیے جائیں گے۔ انہوں نے مزید کہا ہے کہ شفافیت کے لیے پورا پروسیس ڈیجیٹلائز کیا جائے، وزیراعظم کے وژن کے مطابق اسلام آباد کو ماڈل شہر بنایا جائے گا، الیکٹرک وہیکلز پالیسی کا اعلان بہت جلد کیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 18

کہ سندھ حکومت ملک میں پہلی بار پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ لے کر آئی۔ کراچی میں سرمایہ کاری کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے شرجیل انعام میمن نے کہا کہ آج پاکستان پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے رینکنگ میں اول نمبر پر ہے۔ شرجیل انعام میمن نے کہا کہ سندھ حکومت نے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ موڈ پر کام کر رہی ہے، جس کے تحت ہر قسم کی سہولت دینے کے لیے تیار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چینی سرمایہ کار میڈیکل سٹی اور ٹرانسپورٹ میں سرمایہ کاری کرنا چاہتے ہیں۔ شرجیل انعام میمن نے کہا کہ صدر زرداری نے سندھ حکومت کی جانب سے چینی سرمایہ کاروں کو مدد دینے کی پیشکش کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صدر پاکستان سے ملاقات میں بھی غیر ملکی وفود کو سپورٹ کی آگاہی دی گئی۔ شرجیل میمن نے کہا کہ سندھ غیر ملکی سرمایہ کاری کے لیے سب سے موزوں علاقہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں لائیو اسٹاک کی بہتری کے لیے بھی انویسٹمنٹ آئی ہے جبکہ پاکستان انویسٹمنٹ کے لیے سب سے زیادہ بہترین ملک ہے۔ وزیر اطلاعات سندھ نے کہا کہ صدر آصف علی زرداری کی کاوشوں سے ہی سی پیک ملک میں آیا ہے۔ شرجیل میمن نے کہا کہ تھر میں ہمارے پاس کوئلہ اتنا ہے کہ 200 سال تک سستی بجلی پیدا کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گرین انرجی سے متعلق سندھ میں بہت سی کمپنیاں کام کر رہی ہیں، چائنیز ٹیکنالوجی سے ملک میں ترقی کے مواقع پیدا ہوں گے۔

بقیہ بقیہ جات 19

کہ عوام فوج کیلئے دعا کریں۔ تھرپارکر کی تحصیل ننگرپارکر کے گاؤں سوندر میں مریدوں سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاک فوج نے دہشت گردی کے خاتمے کے لیے قربانیاں دی ہیں۔ پیر پگارا نے کہا کہ پاک فوج کی وجہ سے ہم آزاد گھوم رہے ہیں، سیاستدان صرف بیانات تک محدود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خوشی ہے کہ جماعت کے لوگ بچیوں کو تعلیم دلا رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 20

ضافہ ہوگیا ہے۔ جمعرات کو ملک میں سونے کی فی تولہ قیمت میں 2300 روپے کا اضافہ ہوا ہے۔ آل پاکستان جیمز اینڈ جیولرز ایسوسی ایشن کے مطابق اس اضافے کے بعد ملک میں فی تولہ سونے کی قیمت بڑھ کر 2 لاکھ 82 ہزار 800 روپے ہوگئی ہے۔ اسی طرح 10 گرام سونے کی قیمت 1 ہزار 971 روپے کے اضافے کے بعد 2 لاکھ 42 ہزار 455 روپے ہوگئی۔ ایسوسی ایشن کے مطابق عالمی صرافہ بازار میں سونے کی قیمت 23 ڈالرز کے اضافے سے 2 ہزار 716 ڈالرز فی اونس ہوگئی ہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز سونے کی فی تولہ قیمت میں 3100 روپے کا اضافہ ہوا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 21

قرض پر 50 بیسز پوائنٹس سروس چارجز شامل ہیں جبکہ قرضہ 10 سال کی مدت میں قابل واپسی ہو گا۔ وزارت خزانہ کے مطابق چینی بینکوں سمیت دیگر اداروں سے 7 سے 8 فیصد سود پر قرضہ لیا گیا۔ واضح رہے کہ پاکستان کو عالمی مالیاتی ادارے (آئی ایم ایف) سے 7 ارب ڈالرز کے بیل آؤٹ پیکیج کی پہلی قسط ستمبر میں موصول ہوئی تھی۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف کا یہ قرض پروگرام 37 ماہ پر محیط ہے۔

بقیہ بقیہ جات 22

ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج عبد الباسط کا تبادلہ اورکزئی سے سوات کر دیا گیا ہے۔ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج محمد ساجد کا جنوبی وزیرستان سے لوئر دیر تبادلہ کیا گیا ہے۔ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج امتیاز علی کا تبادلہ نوشہرہ سے پشاور کر دیا گیا ہے۔ اعلامیے کے مطابق ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج اسفند یار یوسفزئی کا بنوں سے لکی مروت اور ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج عرفان علی کا بونیر سے شبقدر چارسدہ تبادلہ کیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 23

آئی ایم ایف اور طاقت ور ملکوں کے پاس مدد کے لیے جانا شرمندگی کا باعث ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ بیوروکریسی عوام کی خدمت میں کوئی کسر نہ چھوڑے، ہمارے ملک کی بیوروکریسی بہت مضبوط ہے۔

بقیہ بقیہ جات 24

حکم دے دیا۔ عارف علوی کے خلاف درج مقدمات کی تفصیلات طلب کرنے کے کیس کی سماعت ہوئی۔ عدالت نے ایف آئی اے کو بھی عارف علوی کی گرفتاری سے روک دیا۔ عارف علوی کے وکیل نے کہا ہے کہ ہمیں خدشہ ہے کہ ہمیں گرفتار کر کے کسی اور صوبے میں منتقل کر دیا جائے گا۔ عدالت نے کہا کہ عارف علوی سابق صدر ہیں ایسے کیوں گرفتار کریں گے، عارف علوی پر اگر بدنیتی پر مبنی مقدمات درج کیے گیے، عدالت ان مقدمات کو ختم کر دے گی۔ اس سے قبل سندھ ہائی کورٹ نے 12 دسمبر تک سابق صدر عارف علوی کو کسی بھی درج مقدمے میں گرفتار کرنے سے روکا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 25

معیشت کے لیے باہمی تعاون کی ضرورت ہوتی ہے۔ کراچی میں دوسری اسلامی کیپٹل مارکیٹس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ گزشتہ چند سال کے دوران اسلامک فنانسنگ میں حوصلہ افزا پیش رفت ہوئی ہے۔ عاکف سعید نے کہا کہ ہم بینکنگ اور کیپٹل مارکیٹ سے لے کر تمام معاشی شعبوں میں اسلامک فنانس کی ترسیل کا اعادہ کرتے ہیں، گزشتہ سالانہ کانفرنس کے بعد پہلا اسلامک فن ٹیک، بروکریج ہاؤس قائم کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ سکوک سے حکومت اور سرمایہ کار دونوں استفادہ کر رہے ہیں، سکوک کے ذریعے اسلامک فنانسنگ کو مزید تقویت بخشنے کے لیے اقدامات جاری ہیں۔ عاکف سعید نے کہا کہ گزشتہ سال کارپوریٹ سکوک میں 27 فیصد نمو ہوئی جو بڑھتی طلب کی عکاسی ہے، مقامی اور عالمی سطح پر اسلامک فنانس سے پائیدار معاشی نمو ہوگی۔

بقیہ بقیہ جات 26

حکومت اور پی ٹی آئی میں مذاکرات اچھی پیش رفت ہے۔ لیاقت بلوچ نے سوال کیا کہ حکومت 9 مئی اور 26 نومبر کا چورن کب تک بیچے گی؟ انہوں نے کہا کہ پُرامن سیاسی جمہوری آئینی مزاحمت عوام کا حق ہے۔ نائب امیر جماعت اسلامی کا کہنا ہے کہ اسرائیل فلسطینیوں اور بھارت کشمیریوں پر ظلم کے پہاڑ توڑ رہا ہے۔ ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ پاکستان، ایران اور افغانستان کے مضبوط تعلقات بڑا چیلنج ہے۔

بقیہ بقیہ جات 27

کہا ہے کہ آئندہ ہفتے وزرا اور پارلیمانی سیکرٹریز ایوان میں موجود نہ ہوئے تو ایوان کی کارروائی نہیں چلائی جائے گی۔ ڈپٹی سپیکر نے ایوان کی کارروائی آج جمعہ تک ملتوی کر دی۔ جمعرات کو قومی اسمبلی کا اجلاس ڈپٹی سپیکر قومی سپیکر مصطفیٰ شاہ کی زیر صدارت پارلیمنٹ ہاؤس میں منعقد ہوا۔ تلاوت کلام پاک حدیث اور قومی ترانے کے بعد ڈپٹی سپیکر نے وقفہ سوالات کا آغاز کیا۔ نکتہ اعتراض پر بات کرتے ہوئے اسد قیصر نے کہا کہ کل کی طرح آج بھی وزرا اور پارلیمانی سیکرٹریز موجود نہیں ہیں تو ممبران کے سوالات کا جواب کون دے گا جس پر سپیکر قومی اسمبلی نے اجلاس 15 منٹ کے لئے ملتوی کیا۔ وقفے کے بعد اجلاس دوبارہ شروع ہوا تو وقفہ سوالات کا دوبارہ آغاز کیا گیا۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے ایم این اے سید نوید قمر نے دوبارہ یہی معاملہ اٹھایا کہ وفاقی وزرا اور سیکرٹریز کی عدم موجودگی میں وقفہ سوالات کیسے چلایا جا سکتا ہے۔ نکتہ اعتراض پر بات کرتے ہوئے اپوزیشن لیڈر عمر ایوب نے کہا کہ گزشتہ دو دنوں سے وزرا اور پارلیمانی سیکرٹریز کی عدم حاضری کی نشاندہی کی جارہی ہے۔ ڈپٹی سپیکر نے ریمارکس دیئے کہ اس صورتحال سے متعلق وزیراعظم کو خط لکھ رہے ہیں۔ انہوں نے ایجنڈا موخر کرتے ہوئے ایوان کی کارروائی (آج) جمعہ تک ملتوی کر دی۔

بقیہ بقیہ جات 28

جنرل منصور اعوان نے کی جہاں انہوں نے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کے 2022 کے خطاب کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ انسانیت اب موسمیاتی ہنگامی صورتحال نظر انداز کرنے کی متحمل نہیں ہوسکتی۔ انہوں نے کہا کہ گرین ہاؤس گیسز کے اخراج میں پاکستان کا حصہ ایک فیصد سے بھی کم ہے لیکن دیگر ملکوں کے برعکس پاکستانی عوام کو موسمیاتی اثرات سے موت کا خطرہ 15 گنا زیادہ ہے۔ دوران خطاب اٹارنی جنرل نے 3 اہم نکات پر زور دیا، ایک یہ کہ پیرس معاہدہ، موسمیاتی ذمہ داریوں سے نمٹنے کا بنیادی فریم ورک ہے، دوسرا فنانس، تخفیف اور تعاون جیسی موسمیاتی ذمہ داریاں مساوات اور مشترکہ و متعلقہ صلاحیت کے ساتھ ہم آہنگ ہونی چاہئیں۔ اٹارنی جنرل منصور عوان نے مزید کہا کہ تیسرا معاہدے کی ذمہ داریوں کے متعلق تنازعات کو ان معاہدوں کے اندر ہی فراہم کردہ طریقہ کار کے ذریعے حل کیا جانا چاہیے۔

بقیہ بقیہ جات 29

رہنما کوئی ثبوت فراہم نہیں کرتے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ پی ٹی آئی رہنماؤں سے رینجرز اور پولیس کی شہادتوں کا اعتراف درکنار ذکر بھی نہیں ہوتا، یہ دوغلا پن اور دوہرا معیار پی ٹی آئی کی شناخت اور کلچر ہے۔ پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے غیر مشروط مذاکرات کی پیشکش کے معاملے پر اپنا ردعمل دیتے ہوئے وزیر دفاع کا کہنا تھا کہ ان کے مذاکرت چند دن پہلے تک صرف اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ حلال تھے اور حکومت کے ساتھ حرام تھے۔

بقیہ بقیہ جات 30

ڈیزل آئل ڈھائی روپے مہنگا کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس کا اثر ای ایسکرو اکاؤنٹس میں منتقل کیا جائے گا جو ریفائنریوں کے اپ گریڈ منصوبوں کے لیے استعمال ہوگا، یہ ایک عارضی انتظام ہوگا اور آئندہ بجٹ تک جاری رہے گا۔ ایس آئی ایف سی کے اجلاس میں اوگرا کو آئی ای ایم میں اضافے کے اثرات کا جائزہ لینے اور پیٹرولیم ڈویژن کو خلاصہ تیار کرنے کی ہدایت دی گئی، جو ای سی سی کے سامنے منظوری کے لیے پیش کیا جائے گا۔ تاہم، پارکو، جو مارکیٹ کا 48 فیصد حصہ رکھتا ہے، آئی ایف ای ایم میں اضافے کے خلاف ہے اور اسے عارضی انتظام قرار دیتا ہے۔ اجلاس میں پیٹرولیم ڈویژن کو ہدایت دی گئی کہ مقامی ریفائنریوں کے 5 سے 6 ارب ڈالر کے اپ گریڈ منصوبوں کو شروع کرنے کے لیے ایک ہفتے کے اندر قابل عمل منصوبہ پیش کرے۔

بقیہ بقیہ جات 31

دستاویزات قبضے میں لے لیں۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق قابض بھارتی پولیس نے سرینگر کے علاقے حیدر پورہ میں شہید سید علی گیلانی کے گھر پر چھاپہ مارا، پولیس اہلکاروں نے سید علی گیلانی کے کمرے میں موجود ان کی کتب اور اہم دستاویزات وغیرہ ضبط کر لیں۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق بھارتی پولیس نے ایک گھنٹے تک سید علی گیلانی کے گھر کا محاصرہ کیا۔ کل جماعتی حریت کانفرنس نے علی گیلانی شہید کے گھر پر چھاپے کی شدید مذمت کی ہے۔ علاوہ ازیں بھارتی پولیس نے حیدرپورہ مومن آباد میں ہی واقع تحریک حریت جموں وکشمیر کے دفتر پر بھی چھاپہ مارا، پولیس دفتر کا تالا توڑ کر دفتر میں موجود اہم دستاویزات ضبط کر لیں۔ گزشتہ ایک برس میں 100 سے زائد سیاسی و شہری رہنماؤں کے گھروں پر کارروائیاں کی گئیں، جبکہ 80 سے زائد سماجی تنظیموں کے دفاتر پر بھی چھاپے مار کر فنڈنگ سے متعلق تحقیقات کیں۔

بقیہ بقیہ جات 32

تقریب میں شرکت کے لئے پی پی وسطی پنجاب کا قافلہ لاہور سے خصوصی ٹرین کے ذریعے جائیگا۔ اس سلسلے میں صدر پی پی وسطی پنجاب راجہ پرویز اشرف نے 35 رکنی سٹریٹجک منیجمنٹ کمیٹی کا اعلان کر دیا ہے جس کے کنوینر سیکرٹری اطلاعات پیپلز پارٹی وسطی پنجاب شہزاد سعید چیمہ جبکہ کمیٹی ممبران میں عبدالرزاق سلیمی، عائشہ نواز چوہدری، ایڈون سہوترا، احمد شیر اعوان، آصف بلوچ، احسن رضوی، اطہر شریف، عظیم حفیظ، فرخ بصیر، بشارت علی، فرخ مشتاق، حافظ عامر شہزاد، عائمہ افتخار، عمران قدیر، جہاں آرا وٹو، ثانیہ کامران، نرگس خان، ملک علی سانول اعوان، ملک امجد علی خاور، میاں نعمان، عثمان اعوان، مستنصر کامران، ناصرہ کفیل، رائے راشد اقبال، رانا جمیل منج، رانا نعیم دستگیر، رانا خالد، سجاد حسین ساجد، سبط حسن، صہیب مشتاق، صہیب ذکی، ذیشان شامی، یاسر بارا اور یاسر بخاری شامل ہیں۔ کمیٹی پارٹی احترام اور شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کے ساتھ وابستگی کی عکاسی کرنے کے لئے ایک ہموار اور مربوط سفر کو یقینی بنانے کی ذمہ دار ہوگی۔

بقیہ بقیہ جات 33

ہے کہ مذاکراتی کمیٹی قائم کر کے مجھ سمیت دیگر رہنماؤں کو شامل کیا گیا، مذاکرات ممکن تھے، مذاکرات ہمیشہ ہونے چاہئیں۔ صحافی نے سوال کیا کہ کیا اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ آپ مذاکرات کریں گے۔ پی ٹی آئی کے رہنما نے کہا کہ ہم ہر ایک کے ساتھ بات کرنے کے لیے تیار ہیں۔ ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ کے پی میں گورنر راج قائم کرنا بالکل غلط اور بے وقوفی ہوگا، خیبر پختون خوا کو مزید انتشار میں نہ ڈالیں۔

بقیہ بقیہ جات 34

کیا تو عدالتیں سزائیں دیں گی، بڑے عہدیدار بھی سزا سے نہیں بچ سکتے، ملک کے ہر شہری کیلئے قانون برابر ہے، پی ٹی آئی کی روایت ہے کہ مشکل وقت میں ساتھ چھوڑ دیتے ہیں۔ گورنر خیبر پختونخوا کا کہنا تھا کہ بشریٰ بی بی کہتی ہیں اکیلا چھوڑ دیا، وزیراعلیٰ کہتے ہیں میرے ساتھ تھیں، دونوں میں سب سے بڑا جھوٹا کون ہے؟ سول نافرمانی کی تحریک کا اعلان ڈائیلاگ ہے سنجیدہ نہ لیا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 35

کے فلیٹ میں 17 طیارے گراؤنڈ ہو چکے ہیں، جس کی وجہ سے یورپ فلائٹ آپریشن متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ ذرائع کے مطابق بوئنگ 777 کے 12 طیاروں میں سے 7 گراؤنڈ ہیں، ایئر بس 320 ساختہ 17 طیاروں میں سے 7 گراؤنڈ ہیں، جب کہ 5 اے ٹی آر طیاروں میں سے صرف 2 طیارے فلائٹ آپریشنز میں حصہ لے رہے ہیں۔ گراؤنڈ ہونے والے طیاروں میں زیادہ تر انجن، لینڈنگ گیئر، APU سمیت دیگر پرزہ جات نہ ہونے کی وجہ سے گراؤنڈ ہیں، جس سے قومی ایئر لائن کو کروڑوں ڈالر کے نقصان کا سامنا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پی آئی اے کے زیادہ تر طیارے کئی سال سے گراؤنڈ ہیں، اور گراؤنڈ ہونے والے طیاروں کے زیادہ تر پرزہ جات دوسرے طیاروں میں استعمال کیے جا چکے ہیں۔ اب ذرائع کا کہنا ہے کہ 777 طیارے گراؤنڈ ہونے کی وجہ سے پیرس کے لیے شروع ہونے والا فلائٹ آپریشن متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ یورپی سیفٹی ایجنسی ایاسا نے پابندی اٹھانے کے ساتھ قومی ایئر لائن کو واضح کیا ہے کہ یورپ آنے والے جہازوں کا سخت سافا انسپیکشن ہوگا اور سخت مانیٹر بھی کیا جائے گا۔ ادھر پی آئی اے کے ترجمان نے ایک بیان میں کہا ہے کہ پیرس کے لیے آپریٹ ہونے والا جہاز تیار ہو گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 36

سندھ کا بھرپور کیس لڑنے کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان پیپلز پارٹی سندھ کے صدر نثار کھوڑو نے گڑھی خدا بخش بھٹو میں شہید بینظیر بھٹو کی 27 دسمبر کو برسی کے سلسلے میں لاڑکانہ ڈویژن کے اجلاس سے خطاب اور میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ نثار کھوڑو نے کہا کہ سندھ کو چولستان کینال سمیت 6 نئے کینالوں کا منصوبہ کسی صورت قبول نہیں ہے اور سندھ متنازع 6 کینالز منصوبے کو مسترد کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے کے مرضی کے بغیر پانی معاملے اور کینال نکالنے کا فیصلہ نہیں کیا جاسکتا، صوبے کی مرضی کے خلاف زبردستی متنازع کینالوں کی منظوری لی گئی تو سندھ کی عوام سڑکوں پر ہوگی اسلئے ہم وفاقی حکومت پر واضح کرتے ہیں کہ سندھ اپنے سندھو دریا پر کسی کو بھی ڈاکہ ڈالنے نہیں دے گی۔ نثار کھوڑو نے کہا کہ پانی تنازعات کے حل کے لئے آئینی فورم سی سی آئی ہے مگر ابھی تک سی سی آئی کا نہ کوئی اجلاس بلایا گیا ہے نہ کسی آئینی فورم سے کینال منصوبے کی منظوری ہوئی ہے اس لئے وفاقی حکومت آئین کے آرٹیکل 154 (3) کے تحت سی سی آئی کا اجلاس بلائے اور متنازعہ کینال منصوبے کے خلاف سندھ کا آئینی موقف سنا جائے جس کی روشنی میں کینال منصوبے سے دستبرداری کا اعلان کر کے سندھ کی عوام میں بے چینی کو دور کیا جائے۔ نثار کھوڑو نے پنجاب صوبے کو مشورہ دیتے کہا کہ اگر پنجاب کو اپنی زمینیں آباد کرنی ہیں تو پھر پنجاب اپنے زیر زمین پانی سے ٹیوب ویل لگا کر ڈرپ ایریگیشن کے ذریعے اپنی زمینیں آباد کرے مگر یہ نہیں ہو سکتا کہ ایک صوبے کی زمینیں آباد کرنے کے لئے دوسرے صوبے کو بنجر بنایا جائے، سندھ ایسا نہیں ہونے دے گی کیونکہ سندھ کو چولستان کینال سمیت 6 کینالوں کے منصوبے پر سخت خدشات اور اعتراضات ہیں۔ نثار کھوڑو نے کہا کہ اضافی پانی موجود ہی نہیں ہے تو ان کینالوں میں پانی کہاں سے لایا جائے گا۔ اضافی پانی موجود نہ ہونے کہ وجہ سے سندھ کو خدشہ ہے کہ چشمہ جہلم لنک کینال اور ٹی پی کینال کو مسلسل بھا کران میں سندھ کے حصے کا پانی چھوڑ کر ان فلڈ کینالز کے ذریعے چولستان کینال کو پانی فراہم کیا جائے گا جس سے سندھ کی لاکھوں ایکڑ اراضی مزید بنجر ہو جائے گی اور سندھ کی زراعت کو سخت نقصان ہوگا۔ نثار کھوڑو نے کہا کہ وفاقی حکومت اور ارسا پہلے ہی پانی کے 1991 معاہدے پر عمل نہیں کر رہی ہے، جس وجہ سے سندھ کو اپنے حصے کا پانی نہیں مل رہا اور سندھ کی زراعت کو نقصان کا سامنا ہے اور ٹھٹھہ بدین سمیت ساحلی علاقوں کی 30 لاکھ ایکڑ اراضی بنجر ہو چکی ہے سندھ کو پہلے ہی اپنے حصے کا پانی نہیں مل رہا اور پھر نئے کینال نکالنے کا منصوبہ سندھ کو بنجر بنا دے گا۔

بقیہ بقیہ جات 37

کے نئے اراکین کو ٹی ڈی اے پی کے تنظیمی ڈھانچے، افعال اور مینڈیٹ کے بارے میں آگاہ کیا گیا۔ وفاقی وزیر تجارت نے ٹیکسپو میں حفاظتی انتظامات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے موجودہ نظام میں موجود خامیوں کو دور کرنے کی ہدایت کی اور ہائی پروفائل تقریبات کے لیے حفاظتی پروٹوکول کی نگرانی کے لیے ٹی ڈی اے پی کے اندر ایک مستقل ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) سکیورٹی پوزیشن بنانے کی تجویز پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے پاس ان تقریبات میں شرکت کرنے والے وزراء، سفیر اور غیر ملکی معززین کے لیے مناسب حفاظتی انتظامات ضروری ہیں۔ بورڈ نے وزارت تجارت اور خزانہ ڈویژن کے ذریعے نئی پوزیشن کے لیے عمل شروع کرنے کی سفارش کی۔ جام کمال نے بیرون ممالک میں موجود ٹریڈ افسران کی کارکردگی کو بڑھانے پر زور دیا۔ اجلاس میں وفاقی وزیر نے ایونٹ مینجمنٹ کے موجودہ طریقوں خاص طور پر ٹیکسپو کے لاجسٹک اور پروموشنل چیلنجز کے بارے میں تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے بورڈ کو ایونٹ مینجمنٹ سروسز کے لیے مضبوط ٹرمز آف ریفرنس (ٹی او آر) بنانے کی ہدایت کی جس سے سروس فراہم کرنے والوں کے ذریعے سیلف پروموشن کے بغیر کوالٹی پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جاسکے۔ انہوں نے ایکسپو سینٹر میں ایک مستقل ٹی ڈی اے پی آفس کے قیام کی تجویز پیش کی تاکہ بغیر کسی رکاوٹ کے ایونٹ آپریشنز کو آسان بنایا جا سکے اور ٹی ڈی اے پی کی نمائندگی میں اضافہ کیا جا سکے۔ وزیر تجارت نے معدنیات کے شعبے کے فروغ کے لیے اس شعبے کی مخصوص نمائشوں کی تجویز پیش کی۔ انہوں نے بین الاقوامی نمائشوں میں زیادہ سے زیادہ شرکت کو یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ وفاقی وزیر نے انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ لاہور اور کوئٹہ میں ٹی ڈی اے پی کے دفاتر کی اپ گریڈیشن کے ساتھ ساتھ اسلام آباد میں ایک نئے دفتر کی تعمیر پر بھی بات چیت کی، جام کمال نے ادارے میں موجود ساختی خامیوں کو دور کرنے اور کام کے ماحول کو بہتر بنانے کے لیے فوری کارروائی کی ہدایت کی۔ انہوں نے گورننس کو مضبوط بنانے کے لیے بورڈ کی ذیلی کمیٹیوں کی تعداد کو چار سے بڑھانے کی تجویز پیش کی۔ اجلاس کا اختتام بورڈ کے گزشتہ اجلاسوں کی سفارشات پر عمل درآمد اور مستقبل میں منعقد ہونے والے اجلاس سے پہلے ٹھوس پیش رفت کو یقینی بنانے کی ہدایات کے ساتھ ہوا۔

بقیہ بقیہ جات 38

سماجی برائیوں کے خاتمے اور نیو ایئر نائٹ پر ہوائی فائرنگ اور ون ویلنگ کی روک تھام کو یقینی بنانے کی ہدایات جاری کیں۔ بلال صدیق کمیانہ نے وویمن پولیس اسٹیشن کو مزید فعال کرنے کے احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق خواتین اور بچوں سے متعلقہ جرائم کی روک تھام کیلئے موثر اقدامات اٹھائے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ فیلڈ افسران صنفی جرائم سے متعلقہ کیسز پر زیرو ٹالرینس پالیسی پر عمل درآمد یقینی بنائیں۔ سی سی پی او لاہور نے کوالٹی آف انوسٹی گیشن پر خصوصی توجہ دینے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ لاہور پولیس پیشہ ورانہ اور معیاری تفتیش کے ذریعے مظلوم کو انصاف کی فراہمی میں اہم کردار ادا کرے۔ بلال صدیق کمیانہ نے ڈویژنل ایس پیز اور ایس ڈی پی اوز کو روزانہ کی بنیاد پر اردل روم منعقد کرنے کی ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ پولیس ملازمین کی عزت نفس کا خیال رکھیں اور انہیں پیشہ ورانہ امور پر اعتماد میں لیں۔ اس موقع پر انہوں نے ٹریفک مینجمنٹ میں بہتری لانے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ اجلاس میں ڈی آئی جی (انوسٹی گیشن) ذیشان اصغر، ڈی آئی جی (آپریشنز) فیصل کامران، ایس ایس پی (انوسٹی گیشن) محمد نوید، ایس ایس پی (ایڈمن) عاطف نذیر، ایس ایس پی (آپریشنز) تصور اقبال، سول لائنز اور سٹی ڈویژنز کے ایس پیز، اے ایس پیز، سرکل افسران، ایس ایچ اوز اور انچارجز (انوسٹی گیشن) نے شرکت کی۔

بقیہ بقیہ جات 39

جبکہ خصوصی عدالت کی جانب سے فرد جرم عائد کیے جانے کے بعد تمام ملزمان نے صحت جرم سے انکار کر دیا جس پر عدالت نے 19 دسمبر کو پراسیکیوشن کے گواہوں کو طلب کرتے ہوئے سماعت ملتوی کر دی۔ عدالت نے عسکری ٹاور جلاؤ گھیراؤ سمیت دیگر مقدمات میں کارروائی 23 دسمبر تک ملتوی کر دی۔

بقیہ بقیہ جات 40

رب 45 کروڑ 36 لاکھ 7 ہزار روپے، محکمہ جنگلات میں ڈیجیٹل کمیونیکیشن سیل کے قیام (ترمیمی) کیلئے 1 ارب 200 کروڑ روپے، بین الاقوامی طرز پر لال سہانرا نیشنل پارک میں ایکوٹورازم کی سہولت کے قیام کیلئے 2 ارب روپے اور پنجاب گرین ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت ای ایم سی، ای پی ڈی و دیگر منسلک نئے اداروں کے لئے گرین بلڈنگ کی تعمیر (ترمیمی) کیلئے 3 ارب 72 کروڑ 39 لاکھ 30 ہزار روپے شامل ہیں جبکہ پنجاب آرٹیریل روڈز بہتری پروگرام (ترمیمی) کیلئے 2 کھرب 2 ارب 45 کروڑ 77 لاکھ 62 ہزار روپے اور چکوال میں گھمبیر ڈیم کی تعمیر (ترمیمی) کیلئے 23 ارب 18 کروڑ 20 لاکھ 53 ہزار روپے کی 2 سکیموں کی کلیئر کر کے حتمی منظوری کیلئے سنٹرل ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی کو بھجوا دی گئیں۔ اجلاس میں صوبائی سیکرٹری پی اینڈ ڈی بورڈ ڈاکٹر آصف طفیل سمیت چیف اکانومسٹ محمد مسعود انور، متعلقہ سیکرٹریز، محکمہ جات کے اعلیٰ افسران اور پنجاب پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ کے ممبران نے شرکت کی۔

بقیہ بقیہ جات 41

پر 3 لاکھ 20 ہزار سے زائد چالان کئے گئے۔ رواں سال لائن لین کی خلاف ورزی پر 21 لاکھ 37 ہزار سے زائد شہریوں کے چالان۔ ترجمان کے مطابق لاہور، گوجرانوالہ، راولپنڈی، سیالکوٹ، ملتان اور فیصل آباد نے لائن لین کی خلاف ورزی پر سب سے زیادہ چالان کیے۔ ایڈیشنل آئی جی ٹریفک مرزا فاران بیگ نے کہا کہ لائن لین کے چالان منظم ٹریفک کے حصول کے لیے کیے جا رہے ہیں، لائن لین کی پابندی سے حادثات میں نمایاں کمی واقع ہوئی ہے، ٹریفک ایجوکیشن یونٹ شہریوں کو لائن کی افادیت کے حوالے سے بریف کرے، لاہور سمیت دوسرے اضلاع میں بھی سڑکوں پر کونز لگا کر لائن لین کے فرق کو واضح کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہری محفوظ سفر اور اپنی منزل پر باسانی پہنچنے کے لیے لائن لین کی پابندی کریں۔

بقیہ بقیہ جات 42

چاہتی ہے اس لئے حکومت کے قول و فعل میں بھی تضاد نہیں ہونا چاہیے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ آپ کسی بھی باشعور انسان سے پوچھ لیں وہ موجودہ حکومت کے وجود پر سوال اٹھائے گا، کیا ایسی حکومت ملک کے لئے فیصلے کر سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکمران خود بھی جانتے ہیں وہ چوری کے مینڈیٹ سے اقتدار پر براجمان ہیں اور ان کی اخلاقی طور پر کوئی حیثیت نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف وفاق کی سب سے بڑی جماعت ہے اور ایسے کیسے ہوسکتا ہے کہ ہمیں انگیج نہ کیا جائے، طاقت کا اندھا دھند استعمال اور تکبرانہ انداز کسی طور پر قبول نہیں کیا جائے گا بلکہ اس کے خلاف آئین و قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے آواز اٹھاتے رہیں گے

بقیہ بقیہ جات 43

4 ہیں۔ ملزمان کو ڈیٹیکشن کی مد میں 3 لاکھ 34 ہزار 725 یونٹس چارج کیے گئے جن کی مالیت 1 کروڑ 49 لاکھ 11 ہزار 521 روپے بنتی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 44

پاکستانیوں کی معاونت کر رہا ہے۔ دفتر خارجہ کی ترجمان نے کہا کہ ہم سمجھتے کہ دہشتگردی کی ہر کارروائی کی مذمت کرنی چاہیے۔ عالمی برادری اسرائیل کے جنگی جرائم کا نوٹس لے۔ شام کی سلامتی اور خود مختاری کی حمایت کرتے ہیں۔ اسرائیل کی جانب سے گولان کی پہاڑیوں پر قبضہ قابل مذمت ہے۔ پاکستان یقین رکھتا ہے کہ بیرون مداخلت سے شام کے مسائل حل نہیں ہوں گے۔ شام کے شہریوں کا حق ہے کہ وہ اپنا مستقبل خود طے کریں۔ پاکستان کشمیریوں کی سیاسی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے گا۔ غزہ میں فوری جنگ بندی کا مطالبہ کرتے ہیں۔ خلیل الرحمن حقانی کی وفات پر وزیر خارجہ اور نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کے ٹویٹ سے متعلق ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ خلیل الرحمن حقانی کی وفات پر وزیراعظم اور نائب وزیراعظم نے دکھ کا اظہار کیا ہے۔ پاکستان اور تاجکستان کے درمیان ساتویں اجلاس اسلام میں منعقد ہوا۔ دونوں ممالک نے تجارت، سرمایہ کاری کو فروغ دینے پر اتفاق کیا۔ پاکستان اور فرانس کے درمیان یو این سیکیورٹی معاملات پر اسلام آباد میں اجلاس ہوا۔ پاکستان اور فرانس نے باہمی طور پر چیلنجز کا سامنا کرنے پر اتفاق کیا۔

بقیہ بقیہ جات 45

خدمات کو مضبوط بنانا، مقامی غیر یقینی کو کم کرنا اور مالی خواندگی کو فروغ دینا ضروری ہے تاکہ ترسیلات زر پائیدار اقتصادی ترقی کو آگے بڑھا سکیں اور طویل مدتی قومی ترقی میں اپنا حصہ ڈال سکیں۔ انہوں نے کہا کہ اوورسیز کمیشن بہترین کام کر رہا ہے لیکن اسے مزید با اختیار بنانے کی ضرورت ہے۔

بقیہ بقیہ جات 46

نومبر کے دوران 55 فیصد بڑے اضافے کے بعد 12 ہزار 259 یونٹس تک جا پہنچی ہے، جس کا حجم گزشتہ برس کے اسی عرصے میں 7 ہزار 891 رہا تھا، جبکہ اکتوبر کے 2 ہزار 551 یونٹس کے مقابلے نومبر میں ان گاڑیوں کی فروخت معمولی کمی سے 2 ہزار 191 یونٹس رہی۔ اعداد و شمار کے مطابق نومبر میں 25.08 فیصد تنزلی سے 7 ہزار 909 کاریں فروخت ہوئیں، یہ حجم اکتوبر میں 10 ہزار 557 یونٹس رہا تھا، جبکہ نومبر 2023 میں کاروں کی فروخت 4 ہزار 875 یونٹس رہی تھی۔ نومبر میں جیپوں، ایل سی ویز اور وینز کی کل فروخت 2,191 یونٹس رہی، یہ حجم اکتوبر میں 2 ہزار 551 یونٹس اور نومبر 2023 میں ایک ہزار 600 یونٹس رہا تھا۔ اعداد و شمار میں الیکٹرک گاڑیوں کی ایک کیٹیگری شامل کی ہے، جس کے مطابق دیوان کی الیکٹرک کار ہونری وی کی پیداوار 70 اور فروخت 63 یونٹس رہی۔ رواں مالی سال کے ابتدائی 5 ماہ کے دوران پاک سوزوکی موٹر کمپنی لمیٹڈ کی اسمبل کردہ گاڑیوں کی فروخت 41 فیصد بڑھ کر 25 ہزار 812 یونٹس تک پہنچ گئی، جس کے بعد انڈس موٹر کمپنی کی فروخت 67 فیصد بڑھ کر 10 ہزار 886 یونٹس ریکارڈ کی گئی جبکہ ہونڈا اٹلس کارز لمیٹڈ نے 50 فیصد اضافے سے 5 ہزار 974 گاڑیاں فروخت کیں۔ ادھر، ساز گار انجینئرنگ کی اسمبل کردہ گاڑیوں کی فروخت گزشتہ مالی سال کے مقابلے میں 233 فیصد بڑھ کر 4 ہزار 191 یونٹس رہی۔ رپورٹ کے مطابق رواں مالی سال میں جولائی تا نومبر کے دوران موٹر سائیکل اور رکشوں کی فروخت 26 فیصد بڑھ کر 5 لاکھ 78 ہزار 364 یونٹس ریکارڈ کی گئی جبکہ گزشتہ برس کی اسی مدت میں 4 لاکھ 59 ہزار 459 موٹر سائیکل اور رکشے فروخت ہوئے تھے۔

بقیہ بقیہ جات 47

کو چیک اپ کے لیے اسپتال روانہ کیا گیا تاہم خاتون نے بچی کا نام ڈاکٹر کے نام پر شازیہ ہمسفر رکھنے کی خواہش ظاہر کی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 48

ایوارڈز اور فاسٹ ایکسیلینس ایوارڈز منعقد کئے جائینگے، جس سے پائیداری اور تحقیق کے میدان میں شاندار شراکت کا آغاز ہوگا۔ یہ ایوارڈز طلباء کو بااختیار بنانے اور اکیڈمی و انڈسٹری کے درمیان ایک پل قائم کرنے میں بھی مدد دے گا۔ اس موقع پر کمال میاں نے کہا کہ ”یہ تعاون انڈسٹری اور اکیڈمی کے درمیان خلیج کو ختم کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ اس اقدام کے نتیجے میں آئی بی اے اور این ای ڈی کے طلباء فاسٹ کیبلز میں انٹرن شپ کے ذریعے صنعتی تجربہ حاصل کر سکیں گے، مزید برآں اس تعاون کے تحت جدت اور پیشرفت کے فروغ کے لیے فیکلٹی پلیسمنٹ پروگرام اور مشترکہ تحقیقی اقدامات بھی اٹھائے جائینگے۔“ پاکستان کے سب سے بڑے کیبل مینوفیکچرر کے طور پر فاسٹ کیبلز عالمی موسمیاتی بحران سے نمٹنے کے لیے اپنی ذمہ داری سے آگاہ ہے۔ پاکستان کا شمار سب سے زیادہ موسمیاتی خطرات سے دوچار ممالک میں ہوتا ہے، اور اس کے تدارک کے لئے فوری طور پر اجتماعی اقدام کی ضرورت ہے۔ فاسٹ سسٹین ایبلٹی ایوارڈز اور فاسٹ ایکسیلینس ایوارڈز انڈسٹری، اکیڈمیا اور معاشرے کے درمیان حائل خلیج کو کم کرنے اور پائیدار مستقبل کیلئے حل کی فراہمی کے حوالے سے پلیٹ فارم کا کردار ادا کرینگے۔

بقیہ بقیہ جات 49

ویمپنگ منصوبوں اور طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ اس حوالے سے نشتر ہسپتال ٹو ملتان میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ وائس چانسلر اور ایم ایس نے اس موقع پر پریزنٹیشن دی۔ صوبائی وزیر صحت اور سیکرٹری صحت نے وائس چانسلر اور ایم ایس کے ہمراہ بچوں کے ڈے کیئر سنٹر کا بھی افتتاح کیا۔ آئی ڈیپ کے نمائندگان نے جاری ترقیاتی منصوبوں پر بریفنگ دی۔ صوبائی وزیر صحت اور سیکرٹری صحت نے جاری ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیا۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ سرکاری ہسپتالوں میں آنے والے مریضوں کا بہترین علاج و معالجہ ہماری اولین ترجیح ہے۔ نشتر ٹو ہسپتال ملتان میں نیورو اور سپائن سرجری کا بھی آغاز کر رہے ہیں۔ اس حوالے سے ایم ایس و دیگر کو اقدامات کرنے کی ہدایت کر دی گئی ہے۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے آئی ڈیپ کو جاری ری ویمپنگ منصوبوں کو جلد از جلد مکمل کرنے کی بھی ہدایت کی۔ سیکرٹری صحت پنجاب عظمت محمود نے کہا کہ نشتر ہسپتال ٹو ملتان میں ای این ٹی کا شعبہ بھی قائم کیا جارہا ہے۔ ری ویمپنگ منصوبوں پر جاری پیش رفت کا مسلسل جائزہ لیا جارہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 50

کو پی ایم ایس اور تحصیلدار کے امتحانات کے لیے ایڈمیشن لیٹرز جاری کر دیے گئے ہیں۔ ان میں واضح طور پر یہ بتایا گیا ہے کہ پی ایم ایس کے امتحان کے لیے منتخب کردہ امتحانی سنٹر والے شہر میں ہی تحصیلدار کے امتحانات ہوں گے۔ امیدوار اپنے ایڈمیشن لیٹرز پی پی ایس سی کی ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔ مزید تفصیلات کے لیے امیدوار ویب سائٹ پر وزٹ کر سکتے ہیں۔ امیدواروں کی سہولت کے لیے جہاں پی ایم ایس کے امتحانات ہو رہے ہیں، وہیں تحصیلدار کا امتحان بھی اسی شہر میں ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 51

نجی اسپتال کے ڈائریکٹر ڈاکٹر ضیا الدین شیخ، 13 سالہ ذوہیب، 11 سالہ شاہ زین، 8 سالہ جنت، 16 سالہ زارا اور ایک خاتون شامل ہیں۔ تمام افراد کو طبی امداد فراہم کی جارہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 52

نے موقع سے شواہد اکٹھے کر کے قانونی کاروائی کا آغاز کر دیا۔ پولیس اور تحقیقاتی اداروں کی کاروائی کے بعد لاش ایدھی ایمبولینس کے ذریعے مردہ خانہ منتقل کر دی۔

بقیہ بقیہ جات 53

پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا، مدارس رجسٹریشن معاملے پر تمام دینی مدارس کے ذمہ دار جے یو آئی کے موقف کی تائید کر رہے ہیں، مولانا فضل الرحمٰن کی راہ میں رکاوٹیں ڈالنے کیلئے جنہیں متحرک کیا گیا انکی مجبوریاں ہمیں معلوم ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ بار بار یہ واضح کر چکے ہیں کہ دینی مدارس کی آزادی اور خودمختاری کو کسی رکاوٹ کے بغیر قائم رکھنے کے لیے ہم پرعزم ہیں اور کسی حکومتی ادارے کے ایگزیکٹیو کے ماتحت ہونے کو گوارا نہیں کر سکتے، جب بھی جے یو آئی اور حکومت کا طویل مذاکرات کے بعد کسی مسودے پر اتفاق رائے ہوتا ہے تو حکومت اچانک پیچھے ہٹ جاتی ہے، ہم سمجھتے ہیں کہ دینی مدارس کی آزادی و خودمختاری، خودداری، اور حریت فکر و عمل سب سے اہم ہے، ہم اسے دینی علوم کے تحفظ، امت مسلمہ کی صحیح دینی رہنمائی، اور علوم اسلامیہ کی اشاعت کے لیے پرعزم ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 54

لاہور میں ”برصغیر میں اردو تفسیری ادب کا جائزہ“ کے عنوان پر سیمینار مرکزی صدر مولانا حافظ فضل الرحیم اشرفی کی زیر صدارت منعقد ہوگا سیمینار میں پروفیسر مولانا محمد یوسف خان، مولانا ڈاکٹر محمد سعد صدیقی، محترمہ خالدہ جمیل، ڈاکٹر حافظ عبدالقدیر، ڈاکٹر عائشہ جبین، ڈاکٹر خلیل احمد تھانوی، ڈاکٹر حامد اشرف ہمدانی، ڈاکٹر حسن مدنی سمیت دیگر نامور علمی و ادبی شخصیات اپنے مقالات پیش کریں گے اجلاس میں اسرائیل کی طرف سے غزہ میں ہزاروں بے گناہ خواتین و بچوں سمیت فلسطینیوں کی مسلسل مظلومانہ شہادتیں اور اس پر اقوام متحدہ اور امریکہ سمیت انسانی حقوق کی عالمی تنظیموں کی مسلسل مجرمانہ خاموشی انتہائی افسوس ناک اور قابل مذمت ہے انہوں نے کہا کہ شام میں حکومت کی تبدیلی کے بعد اسرائیل کی طرف سے شام پر بلا جواز مسلسل بمباری اور امریکہ سمیت دیگر ممالک کی مداخلت شام کے حالات کو مزید خراب کرنے اور وہاں کے مسلمانوں کے مصائب و مشکلات میں اضافہ کا باعث ہے شام میں بیرونی مداخلت کو فوری بند کر کے شامی عوام کو اپنے معاملات خود حل کرنے کا موقعہ دیا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 55

کوئٹہ سے بہن کی عیادت کیلئے کراچی آ رہی تھیں۔ پولیس ذرائع کا بتانا ہے کہ لاشوں کو آبائی علاقے کوئٹہ منتقل کیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 56

سربلندی پر پورا یقین رکھتی ہے۔ انہوں کہا کہ ریاست، دینی طبقات کے ساتھ بہترین تعلقات کار کی حامل ہے۔ دینی مدارس اسلام کے قلعے اور ترویج دین کے مرکز ہیں۔ فلاحی معاشرے کی تشکیل کیلئے صوفیا کے طرز زیست پر عمل پیرا ہونا لازم ہے۔ مدرسہ ایجوکیشن کو جدید خطوط پر استوار کرنے کیلئے سوسائٹی اور ریاست اپنی ذمہ داریاں نبھا رہی ہے۔ دینی مدارس میں تحقیقی روایات کو مستحکم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ سمپوزیم سے مفتی محمد رمضان سیالوی، مولانا آصف اکبر، مولانا مفتی محمد اسحاق ساقی، مفتی محمد کریم خان، مولانا عمران نظامی اور مولانا عمران حنفی سمیت دیگر علما کرام نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ حکومت دینی روایات کے استحکام کیلئے کوشاں اور مدارس کے تقدس کی پاسبان ہے۔ محراب و منبر اور مدرسہ و خانقاہ مضبوط اور صحت مند معاشرے کی بنیادیں ہیں، مساجد اور مدرسہ و خانقاہ نے ملت کو ہمیشہ علم و حکمت سے آراستہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ مسلمانوں نے دنیا میں ہمیشہ علم کی آبیاری کی اور اقوام عالم نے علوم و فنون کو مسلمانوں ہی سے سیکھا۔ انتہا پسندی اور دہشت گردی کچلنے کیلئے ضروری ہے کہ صوفیا کے اسلوب دعوت و تبلیغ کو عام کیا جائے۔ اسلام امن، رواداری، محبت اور انسان دوستی کا دین ہے، جس کی تعلیمات کا ابلاغ ہماری ذمہ داری ہے۔ اس موقع پر اسسٹنٹ ڈائریکٹر مذہبی امور حافظ محمد جاوید شوکت، صوبائی خطبا اوقاف مولانا مختار احمد ندیم، مولانا محمد احمد، پرسنل سٹاف آفیسر برائے سیکرٹری اوقاف زاہد اقبال، ضلعی خطبا اوقاف مولانا مسعود الرحمٰن، مولانا شفیق احمد، علامہ سجاد حسین جوادی اور مولانا حق نواز سمیت دیگر علما بھی موجود تھے۔ سمپوزیم کے آخر میں پاکستان کی سلامتی، استحکام، ترقی و خوشحالی، قومی یکجہتی کیلئے اجتماعی دعا بھی کروائی گئی۔

بقیہ بقیہ جات 57

کرلیں۔ انڈیکس بڑھ کر 113242 پوائنٹس کی نئی بلند ترین سطح پر ٹریڈ کر رہا ہے۔ مضبوط فنڈامینٹلز اور اچھے معاشی اشاریوں کے سبب پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں بڑی نوعیت کی ریکوری ہوئی۔ حصص کی قیمتیں سرمایہ کاری کے لیے پرکشش ہونے، شرح سود میں نمایاں کمی کے ساتھ رواں ہفتے حساس قیمتوں کے اشاریے میں کمی کی توقعات کے باعث کاروبار میں تیزی ہے اور مارکیٹ مثبت زون میں ہے۔ دوسری جانب انٹربینک میں ڈالر کی قدر میں مسلسل کمی سے روپے کی قدر بحال ہونے لگی ہے۔ کاروباری ہفتے کے چوتھے روز انٹربینک میں امریکی کرنسی 7 پیسے سستی ہوئی ہے جس کے ساتھ انٹربینک میں ڈالر 278.17 روپے سے کم ہو کر 278.10 روپے پر ٹریڈ ہو رہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 58

طرح اپنے پیغام کو بیان کیا ہے وہ انداز لازوال ہے۔ چیئرمین الحمراء رضی احمد نے ڈپٹی ہیڈ آف مشن آف جرمن آرنو کرچوف کا الحمراء ماڈرن آرٹ میوزیم آمد پر شکریہ ادا کیا اور کہا کہ ہم ثقافتی سفارت کاری کے لئے ملکی سوفٹ امیج کو اجاگر کرنے کے لئے کوششیں کر رہے ہیں جس میں بہت کامیابی مل رہی ہے، گاہے بگاہے مختلف ممالک کے وفود الحمراء ماڈرن آرٹ میوزیم آتے رہتے ہیں، یہ میوزیم پاکستانی آرٹ کی بہتری جگہ ہے جہاں فن پاروں کو جدید طریقہ کار کے تحت محفوظ کیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 59

سے چھٹی کے بعد گھر آ رہا تھا تو شنگھائی روڈ چونگی امر سدھو والٹن کینٹ پر نامعلوم گاڑی ویگو ڈالہ نے میری آفیشل گاڑی میں آ کر ٹکر ماری اور مجھے مارنے کی کوشش کی میری گاڑی کا بہت نقصان ہوا مگر اللہ تعالیٰ نے مجھے محفوظ رکھا، میری کسی سے دشمنی نہیں میں پی ٹی آئی کا ایک ورکر ہوں میری اعلیٰ حکام سے اپیل ہے کہ مجھے جان سے مارنے کی کوشش کرنے والوں کو گرفتار کر کے مجھے انصاف فراہم کیا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 60

ای او لاہور نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ ضلع لاہور میں قائم تمام سکولز کے سروے کا حکم دیا گیا ہے۔ سی ای او ملک نذیر حسین چھینہ کا کہنا ہے کہ افسران خود جا کر سروے کریں گے، افسران 15 دنوں میں سروے مکمل کر کے رپورٹ جمع کروائیں گے۔ تعلیمی معیار کو بہتر بنانے کے لیے تمام سکولوں میں سروے کروایا جا رہا ہے۔ سی ای او ایجوکیشن کا مزید کہنا تھا کہ غفلت اور کوتاہی کسی صورت برداشت نہ کی جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 61

پنجاب اور سی پی او لاہور سے اظہار تشکر کیا۔ سی ٹی او لاہور عمارہ اطہر نے ٹیم کو نقد انعام اور تعریفی اسناد دینے کا اعلان کیا۔

بقیہ بقیہ جات 62

کو ساتھیوں کی گرفتاری اور ریکوری کے لیے شمع کالونی کماہاں علاقہ تھانہ نشتر کالونی لے جارہی تھی، جیسے ہی پولیس پارٹی شمع کالونی پہنچی 3 کس نامعلوم ملزمان نے اپنے ساتھی کو چھڑوانے کے لیے پولیس پارٹی پر اندھا دھند فائرنگ کر دی۔ ملزم کے ساتھیوں کی فائرنگ سے ڈاکو مظفر عرف ظفری کالی شدید زخمی ہو گیا جس کو ہسپتال منتقل کیا جا رہا تھا جو کہ راستے میں ہی دم توڑ گیا۔ ڈی ایس پی سید حسین حیدر نے بتایا کہ ہلاک ملزم پولیس مقابلہ، ڈکیتی، راہزنی، نقب زنی جیسی 60 سے زائد خطرناک وارداتوں میں ریکارڈ یافتہ تھا۔ ملزمان کی فائرنگ سے پولیس اہلکار معجزانہ طور پر محفوظ رہے تاہم سرکاری گاڑی کو نقصان پہنچا۔ ڈی ایس پی آرگنائزڈ کرائم یونٹ کا کہنا سید حسین حیدر نے کہا کہ ہلاک ہونے والے ملزم کے دیگر ساتھی اندھیرے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہو گئے جن کی گرفتاری کے لیے علاقہ میں سرچ آپریشن جاری ہے۔

بقیہ بقیہ جات 63

کنٹریکٹ کی بجائے مستقل بنیادوں پر کی جائے۔ واضح رہے کہ بلوچستان ہائی کورٹ نے گذشتہ دنوں اسپتالوں میں ڈاکٹرز کی ہڑتال ختم کرنے سے متعلق حکم جاری کیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 64

۔دوران ملاقات دونوں رہنماؤں نے پاکستان کی ترقی میں رکاوٹیں ڈالنے والے عناصر کا ڈٹ کر مقابلہ کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ اس موقع پر تحریک انصاف پارلیمنٹیرین کے بانی پرویز خٹک نے اسلام آباد میں احتجاج کے دوران شرپسندوں کے حملے میں شہید پولیس و رینجرز اہلکاروں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ پاکستان ہم سب کا ہے اور سب نے مل کر اسے آگے لے کر جانا ہے، عوام صرف اپنے مسائل کا حل چاہتے ہیں، پاکستان کا مستقبل تابناک ہے، دنیا کی کوئی طاقت ترقی نہیں روک سکتی۔

بقیہ بقیہ جات 65

کے گوشت کی تیاری اور ترسیل سنگین جرم ہے، مضر صحت گوشت تیار کر کے میٹ شاپ کو سپلائی کیا جانا تھا۔ جعلسازی کا گھناؤنا دھندہ کرنے والوں کے عزائم کو ناکام بنا کر گوشت تلف کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ بیمار جانوروں کے گوشت کا کھانے میں استعمال انسانی صحت کیلئے انتہائی مضر ہے۔ عوام تک معیاری گوشت کی فراہمی کیلئے سپیشل میٹ ٹاسک فورس کام کر رہی ہے۔ پنجاب میں خوراک کا کاروبار مقرر کردہ قوانین کے مطابق ہی کیا جاسکتا ہے۔ پنجاب کے ہر کونے سے جعلسازوں کو نکال بھگانا ہمارا نصب العین ہے۔

بقیہ بقیہ جات 66

ایکٹ دفعات کو کالعدم قرار دیا گیا۔ جسٹس جمال خان مندوخیل نے کہا کہ خصوصی کورٹس بارے پورا کیس آرٹیکل 8 کے گرد گھومتا ہے۔ جسٹس علی مظہر نے کہا کہ کیا 5 رکنی بینچ نے آرمی ایکٹ دفعات کو آرٹیکل 8 سے متصادم قرار دیا، آرمی ایکٹ کی دفعات کو آرٹیکل 8 سے متصادم ہونے کا کیا جواز فیصلے میں دیا گیا۔ جسٹس جمال خان مندوخیل نے کہا کہ جو شخص آرمڈ فورسز میں نہیں وہ اس کے ڈسپلن کے نیچے کیسے آسکتا ہے، جس پر وفاقی حکومت کے وکیل خواجہ حارث نے جواب دیا کہ اگر قانون اجازت دیتا ہے تو ڈسپلن کا اطلاق ہوگا۔ جسٹس جمال خان مندوخیل نے ریمارکس دیے کہ ایک شخص آرمی میں ہے اس پر ملٹری ڈسپلن کا اطلاق ہوگا، ایک شخص محکمہ زراعت میں ہے اس پر محکمہ زراعت کے ڈسپلن کا اطلاق ہوگا، اگر کوئی شخص کسی محکمے میں سرے سے ہیں نہیں اس پر آرمڈ فورسز کے ڈسپلن کا اطلاق کیسے ہوگا؟ کیا غیر متعلقہ شخص کو ڈسپلن کے نیچے لانا آرٹیکل 8 کی خلاف ورزی نہیں ہوگی۔ وفاقی حکومت کے وکیل خواجہ حارث نے کہا کہ مخصوص حالات میں سویلین پر بھی آرمی ایکٹ کا اطلاق ہوتا ہے، سپریم کورٹ کے اس نقطہ پر کوئی عدالتی فیصلہ موجود ہے۔ جسٹس علی مظہر نے ریمارکس دیے کہ ایف بی علی اور شیخ ریاض علی کیس میں یہی قرار دیا گیا، 4 ججز نے فیصلے میں آرمی ایکٹ دفعات کو کالعدم کیا، جس پر خواجہ حارث نے کہا کہ عدالت کے پاس آرمی ایکٹ دفعات کو کالعدم کرنے کا اختیار نہیں۔ جسٹس جمال خان مندوخیل نے ریمارکس دیے کہ اس طرح تو اگر کوئی اکسانے کا سوچے اس پر بھی آرمی ایکٹ کا اطلاق ہوگا، کیا آرمی ایکٹ نے آئین کے آرٹیکل 8 کے سیکشنز 1 کو غیر موثر نہیں کر دیا، کیا سویلین پر آرمی ایکٹ کا اطلاق ہوسکتا ہے،

محسن نقوی اور پرویز خٹک کا ملکی ترقی میں رکاوٹ ڈالنے والوں سے نمٹنے کا عزم

پرویز خٹک نے اسلام آباد میں احتجاج کے دوران شرپسندوں کے حملے میں شہید پولیس و رینجرز اہلکاروں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا

پاکستان ہم سب کا ہے اور سب نے مل کر اسے آگے لے کر جانا ہے، عوام صرف اپنے مسائل کا حل چاہتے ہیں، پاکستان کا مستقبل تابناک

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور تحریک انصاف پارلیمنٹرین کے بانی پرویز خٹک نے ملکی ترقی میں رکاوٹ ڈالنے والوں سے سختی سے نمٹنے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی سے تحریک انصاف پارلیمنٹرین کے بانی پرویز خٹک نے ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور، ملک کی مجموعی صورتحال اور سیاسی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، خیبر پختونخوا میں امن و امان کے قیام سے متعلق اقدامات پر بھی گفتگو ہوئی (بقیہ نمبر 64)

وزیر اقلیتی امور پنجاب رمیش سنگھ اروڑہ کو خواتین کے تحفظ بارے منعقدہ کانفرنس سے پودا بطور تحفہ پیش کیا جارہا ہے

کوئٹہ، گرینڈ ہیلتھ الائنس کا سرکاری ہسپتالوں میں علامتی ہڑتال ختم کرنے سے انکار

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں گرینڈ ہیلتھ الائنس کی جانب سے سرکاری اسپتالوں کی او پی ڈیز میں 3 گھنٹے کی علامتی ہڑتال جاری ہے۔ گرینڈ ہیلتھ الائنس کی ہڑتال کے باعث مریضوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ مریضوں کا مطالبہ ہے کہ 25 نومبر سے اسپتالوں میں ہڑتال جاری ہے، حکومت نوٹس لے۔ گرینڈ ہیلتھ الائنس نے مطالبہ کیا ہے کہ حکومت اسپتالوں کو پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت چلانے کا فیصلہ واپس لے۔ گرینڈ ہیلتھ الائنس کا یہ بھی مطالبہ ہے کہ ڈاکٹرز کی تعیناتی (بقیہ نمبر 63)

میرا پیارا ٹیم کی ایک اور کامیابی، 14 سالہ بچی کو اپنوں سے ملوادیا

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز اور آئی جی پنجاب کی خصوصی ہدایت پر میرا پیارا ٹیم کی ایک اور کامیابی، شیخوپورہ سے 10 ماہ قبل بچھڑنے والے 14 سالہ ابیہ حبیب کو اپنوں سے ملوادیا۔ ترجمان کے مطابق میرا پیارا ٹیم نے گمشدہ بچوں و افراد کے ڈیٹا کیلئے بلقیس ایدھی ہومز کا وزٹ کیا، بلقیس ایدھی ہومز میں ٹریفک ٹیم کی ملاقات 10 ماہ سے رہائش پذیر معصوم بچی سے ہوئی، ٹریفک ٹیم نے بار بار فالو اپ سیشن کرتے ہوئے ابیہ کے والدین کو ڈھونڈ نکالا۔ اہل خانہ نے وزیر اعلی پنجاب، آئی جی (بقیہ نمبر 61)

ڈپٹی ہیڈ آف مشن آف جرمن آرنو کرچوف کا الحمراء ماڈرن آرٹ میوزیم کا دورہ

لاہور (این این آئی) ڈپٹی ہیڈ آف مشن آف جرمن آرنو کرچوف نے الحمراء ماڈرن آرٹ میوزیم کا دورہ کیا۔ چیئرمین الحمراء رضی احمد نے انکا استقبال کیا اور انہیں پاکستانی آرٹسٹوں کا کام دکھایا اور جس میں آرنو کرچوف نے گہری دلچسپی لیتے ہوئے چیئرمین الحمراء رضی احمد اور اسکی ٹیم تعریف کی اور کہا کہ میں پاکستانی آرٹسٹوں کے کام سے بہت متاثر ہوا ہوں۔ انہوں نے اپنے کام میں جس (بقیہ نمبر 58)

آرگنائزڈ کرائم یونٹ کاہنہ اور ڈاکوؤں کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ

60 سے زائد وارداتوں میں ملوث انتہائی خطرناک ڈاکو مظفر اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک

لاہور (این این آئی) آرگنائزڈ کرائم یونٹ کاہنہ اور ڈاکوؤں کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا، لاہور شہر سمیت پنجاب کے مختلف شہروں میں 60 سے زائد وارداتوں میں ملوث انتہائی خطرناک ڈاکو مظفر عرف ظفری اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ہوگیا۔ ڈی ایس پی آرگنائزڈ کرائم یونٹ کاہنہ سید حسین حیدر آرگنائزڈ ہونٹ پولیس ٹیم کے ہمراہ ملزم بر ریمانڈ جسمانی (بقیہ نمبر 62)

لاہور کے پرائیویٹ سکولوں کا سروے کروانے کا فیصلہ

تعلیمی معیار کو بہتر بنانے کے لیے تمام سکولوں میں سروے کروایا جارہا ہے سی ای او ایجوکیشن

لاہور (این این آئی) معیار تعلیم کی بہتری کیلئے ضلع لاہور کے پرائیویٹ سکولوں کا سروے کروانے کا فیصلہ کر لیا گیا، سی ای او ایجوکیشن لاہور نذیر حسین چھینہ نے پرائیویٹ سکولز کے سروے کے لیے کمیٹیاں تشکیل دے دیں۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ایلمنٹری مردانہ و زنانہ لاہور کو فوکل پرسن بنا کر ڈپٹی ڈی ای اوز اور اے ای اوز کو سروے کا حکم دیا ہے۔ سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کی ہدایت پر سی (بقیہ نمبر 60)

پی ٹی آئی کیخلاف انتقامی کارروائیوں کا سلسلہ بند کیا جائے: محمد حسین

اعلیٰ حکام سے اپیل ہے میرا تعاقب کرنیوالوں کو گرفتار کر کے مجھے انصاف فراہم کیا جائے

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما محمد حسین نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کیخلاف انتقامی کارروائیوں کا سلسلہ بند کیا جائے، گزشتہ روز آفس سے واپسی پر ایک ڈالے نے میرا تعاقب کیا اور میری گاڑی کو ٹکر مار کر فرار ہوگیا، میری اعلیٰ حکام سے اپیل ہے کہ میرا تعاقب کرنیوالوں کو گرفتار کر کے مجھے انصاف فراہم کیا جائے۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ میں گذشتہ روز آفس (بقیہ نمبر 59)

لاہور، صدر لاہور چیمبر میاں ابوذر شاد، نائب صدر شاہد نذیر چینی قونصل جنرل کو یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

سٹاک ایکسچینج نے ریکارڈ توڑ دیے 1 لاکھ 13 ہزار کی بلند ترین سطح عبور

سٹاک ایکسچینج میں تیزی کے ساتھ کاروبار کا آغاز ہوا اور کاروباری دورانیے میں 2431 پوائنٹس کا اضافہ ہوگیا

مضبوط فنڈامینٹلز اور اچھے معاشی اشاریوں کے سبب پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں بڑی نوعیت کی ریکوری ہوئی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اسٹاک ایکسچینج نے پچھلے سارے ریکارڈ توڑ دیے، انڈیکس نے یکے بعد دیگرے تین نئی بلند ترین سطحیں عبور کر لیں۔ جمعرات کو سٹاک ایکسچینج میں تیزی کے ساتھ کاروبار کا آغاز ہوا اور کاروباری دورانیے میں 2431 پوائنٹس کا اضافہ ہوگیا۔ کے ایس ای 100 انڈیکس انڈیکس نے ایک کے بعد ایک کر کے 1 لاکھ 11 ہزار، 1 لاکھ 12 ہزار اور 1 لاکھ 13 ہزار کی تین نئی بلند ترین سطحیں بھی عبور (بقیہ نمبر 57)

ایوان اوقاف میں سمپوزیم بعنوان مدرسہ رجسٹریشن، ضرورت و اہمیت کا انعقاد

لاہور (این این آئی) سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری اور چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل ڈاکٹر راغب حسین نعیمی نے ایوان اوقاف لاہور میں مدرسہ رجسٹریشن، ضرورت و اہمیت کے موضوع پر منعقدہ سمپوزیم میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مدرسہ رجسٹریشن دینی اداروں کے استحکام کا ذریعہ اور مدرسہ ایجوکیشن دینی و علمی روایت کا امین ہے۔ مدرسہ ایجوکیشن کو عصری علوم سے ہم آہنگ کرنا وقت کی ضرورت ہے۔ انتہا پسندی کے تدارک کیلئے مدرسہ اور محراب و منبر مستعد ہیں۔ حکومت اسلامی اقدار کی (بقیہ نمبر 56)

ڈپٹی ہیڈ آف مشن جرمن آرنو کرچوف الحمراء ماڈرن آرٹ میوزیم کے دورے کے موقع پر فن پارے دیکھ رہے ہیں

لاہور میں برصغیر کے اردو تفسیری ادب کا جائزہ کے عنوان پر سیمینار کرانے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) عالمی رابطہ ادب اسلامی پاکستان کا ایک اہم اجلاس مرکزی صدر مولانا حافظ فضل الرحیم اشرفی کی زیر صدارت جامعہ اشرفیہ لاہور میں منعقد ہوا جس میں مرکزی سیکرٹری جنرل پروفیسر مولانا ڈاکٹر محمد سعد صدیقی، مرکزی سینئر نائب صدر محترمہ خالدہ جمیل، ڈاکٹر حافظ عبدالقدیر، ڈاکٹر عائشہ جبین، مولانا مجیب الرحمٰن اور حافظ محمد اقبال نے شرکت کی اجلاس میں عالمی رابطہ ادب اسلامی کی تنظیمی صورت حال اور دیگر امور پر تفصیلی غور و خوض کے بعد فیصلہ کیا گیا کہ 11 جنوری کو جامعہ اشرفیہ (بقیہ نمبر 54)

بلوچستان میں ٹریفک حادثہ، بچی سمیت 5 خواتین جاں بحق

پانچوں خواتین کوئٹہ سے بہن کی عیادت کیلئے کراچی آرہی تھیں، لاشیں آبائی علاقے منتقل

وندر (این این آئی) بلوچستان کے علاقے وندر میں ٹریفک حادثے کے نتیجے میں 5 خواتین جاں بحق ہوگئیں۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق افسوسناک واقعہ گزشتہ روز بلوچستان کے مقام وندر پر پیش آیا جہاں 2 گاڑیوں کے درمیان تصادم کے نتیجے میں ایک بچی سمیت 5 خواتین جاں بحق ہوگئیں۔ اہل خانہ نے بتایا کہ جاں بحق خواتین کوئٹہ کی ہزارہ کالونی کی رہائشی تھیں، پانچوں خواتین (بقیہ نمبر 55)

اسلام آباد: سید ذیشان نقوی، سید نوید قمر اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی ہمشیرہ کی وفات پر تعزیت اور فاح خوانی، بلندی درجات کیلئے خصوصی دعا کر رہے ہیں

بھاٹی گیٹ، فائرنگ کر کے 25 سالہ نوجوان کو قتل کر دیا گیا، دوسرا بھائی زخمی

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں فائرنگ کر کے 25 سالہ نوجوان کو قتل کر دیا گیا، دوسرا بھائی شدید زخمی ہوگیا۔ بتایا گیا ہے کہ بھاٹی گیٹ

دنیا میں موسمیاتی تبدیلیاں ایک حقیقت ہیں، سید احمد فواد شاہ

جس کی وجہ سے قدرتی آفات کا سلسلہ بھی یکسر تبدیل ہوا ہے بیشتر ممالک اس سے متاثر ہوئے ہیں اور پاکستان بھی انہی ملکوں میں شمار ہوتا ہے، ڈپٹی کمشنر

خیرپور (رپورٹ سلیم رضا شیخ) ڈپٹی کمشنر سید احمد فواد شاہ نے کہا ہے کہ دنیا میں موسمیاتی تبدیلیاں ایک حقیقت ہیں جس کی وجہ سے قدرتی آفات کا سلسلہ بھی یکسر تبدیل ہوا ہے بیشتر ممالک اس سے متاثر ہوئے ہیں اور پاکستان بھی انہی ملکوں میں شمار ہوتا ہے زراعت، جنگلات کی کمی سے نقصانات کا سامنا کرنا پڑا اور لائیو اسٹاک بھی متاثر ہوئی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈسٹرکٹ کونسل ہال خیرپور میں سرسو کی جانب سے قدرتی آفات میں اداروں کے مضبوط کردار، آئندہ خطرات سے نمٹنے کے لیے سرکاری اداروں اور سول سوسائٹی کے کردار کی اہمیت پر منعقدہ چار روزہ تربیتی ورکشاپ کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ سول سوسائٹی اور حکومت موسمیاتی تبدیلیوں کی پیشن گوئی کے سامنے رکھتے ہوئے پیشگی تیاری، فوری ایکشن اور بعد میں بحالیات کا کام اہمیت کا حامل ہے جس میں سرکار اور سول سوسائٹی کا کردار نہایت اہمیت پر مبنی ہے انہوں نے کہا کہ ہمیں اپنا طرز زندگی تبدیل کرنا ہوگا، شجرکاری پر توجہ دینا ہوگی زراعت اور جنگلات کو اپنی اصل حالت میں بحال کرنے کی ضرورت ہے تاکہ موسمیاتی تبدیلیوں کے نتیجے میں بہتر انداز میں نمٹا جاسکے۔ اس سے قبل سرسو کے چیف ایگزیکٹو آفیسر محمد ڈتل کلہوڑو نے خطبہ استقبالیہ دیتے ہوئے ورکشاپ کے اغراض و مقاصد تفصیل سے بیان کیے۔ ورکشاپ میں 80 سے زائد این جی اوز کے نمائندوں اور سماجی ورکرز نے شرکت کی جن کو تعریفی سٹیفکیٹ دیے گئے ورکشاپ میں اسلام آباد سے آئے ہوئے ماسٹر ٹرینر جلیل الرحمٰن نے تمام شرکاء کو چار روز تک تربیت فراہم کی۔ اس موقع پر منعقدہ تقریب سے ڈپٹی ڈائریکٹر سماجی بہبود ذوالفقار گلال، ڈسٹرکٹ منیجر دلشاد ملاح، پروجیکٹ کوآرڈینیٹر نعمت اللہ ساوند، ڈسٹرکٹ آفیسر کنول حسین، لائیو لیڈ آفیسر وحید نواز، ڈپٹی ڈائریکٹر انفارمیشن سید ساجد حسین شاہ، یار محمد تنیو، کامران شبیر، راجیش جے پار، ڈاکٹر شاہد حسین، وسیم گل، حسن راضا، حسن کاظم، عنصر سندھو، ڈاکٹر نظیر احمد ملاح اور دیگر نے بھی اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

خیرپور چلڈرن اکیڈمی میں مڈٹرم، تقسیم ایوارڈ تقریب کا انعقاد کیا گیا

اسکول کے ایڈمنسٹریٹر عارف بابر جتوئی اور پرنسپل میڈم نادیہ بابر جتوئی نے تمام مہمانوں کو سندھ کے ثقافتی اجرک کے تحفے پیش کیئے

خیرپور (نمائندہ) خیرپور چلڈرن اکیڈمی میں مڈٹرم۔ تقسیم۔ ایوارڈ تقریب کا انعقاد کیا گیا تاجر رہنما انجینئر مظہر الدین شیخ ایس ایس پی آفس میں انکوائری افسر علی گل ملاح استاد تاج سروھی اور سینیئر صحافی ٹی وی ریڈیو براسٹ کاسٹر سلیم رضا شیخ تقریب کے مہمان خاص تھے جبکہ اسکول کے ایڈمنسٹریٹر عارف بابر جتوئی اور پرنسپل میڈم نادیہ بابر جتوئی نے تمام مہمانوں کو سندھ کے ثقافتی اجرک کے تحفے پیش کیئے اور استقبالیہ خطاب کرتے ہوئے تمام شرکاء کو خوش آمدید کیا تقریب سے مظہر الدین شیخ علی گل ملاح اور دیگر نے اپنے خطاب میں کہا کہ بچوں کے لے نصابی سرگرمیوں کے ساتھ غیر نصابی سرگرمیاں اور جدید اسکل بھی انتہائی ضروری ہیں اس لے بچوں کو اس جدید دور کی جدید اسکل بھی سکھائی جائیں تاکہ بچے جدید تعلیمی مستقبل سے ڈٹ کے مقابلہ کر سکیں انہوں نے بچوں اور اسٹاف کی محنت کو سہرایا اور پوزیشن لینے والے تمام بچوں کو ایوارڈ دیئے گئے مبارکباد پیش کی اور نقد انعام دینے کے اخر میں پچوں کا پسندیدہ پروگرام میجک شو بھی منعقد ہوا جس میں کراچی کے مشہور میجک پروفیسر سجاد علی نے ہاتھ کی۔ صفائی کے دلچسپ اور حیرت انگیز کرتب دکھا کر خوب داد حاصل کی اور بچے بھی مذکورہ پروگرام سے خوب لطف اندوز ہوئے تقریب میں ٹیچر اقصی ٹیچر علیشبا مس انیلا مس۔ علیشاء مس سمیا مس۔ رخسار اور دیگر بھی موجود تھے

راولپنڈی، تھانہ وارث خان پولیس کی اہم کارروائی

ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث دو رکنی گینگ گرفتار کرلیا،

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) تھانہ وارث خان پولیس نے اہم کارروائی کرتے ہوئے ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث دو رکنی گینگ گرفتار کرلیا، جن سے وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد کر لیا گیا، جب کہ ملزمان کے دیگر ساتھیوں اور سہولت کاروں کی گرفتاری کے لئے ٹیم تشکیل دے دی گئی۔ اطلاعات کے مطابق تھانہ وارث خان پولیس نے ایس ایچ او سید تہذیب الحسنین شاہ کی ہدایت پر عمل کرتے ہوئے ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث 2 رکنی گینگ گرفتار کر لیا جن سے وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برامد کر لیا گیا۔ گرفتار ملزمان میں ذیشان اور بسم اللہ خان شامل ہیں، ملزمان کو شناخت بریڈ پر جیل بجھوایا گیا تھا، درست شناخت بریڈ کے بعد 14 مقدمات بجرم 392 میں بعداز برآمدگی جیل بھجوا دیا گیا۔ ایس ایچ او سید تہذیب الحسنین شاہ کے مطابق ملزمان کے دیگر ساتھیوں اور سہولت کاروں کو بھی گرفتار کیا جائے گا، اس پر ایس پی راول ٹاؤن نے کہا کہ ملزمان کو قرار واقعی سزا دلوانے کے لیے تمام قانونی تقاضے پورے کیے جائیں گے، شہریوں کو ان کے قیمتی اثاثے سے محروم کرنے والے ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

جتوئی، ڈی پی او مظفرگڑھ سید حسنین حیدر کی ڈپٹی کمشنر مظفرگڑھ قرۃ العین میمن کے ہمراہ جتوئی میں کھلی کچہری کا انعقاد

کھلی کچہری میں ڈی ایس پی جتوئی، سرکل جتوئی کے ایس ایچ اوز، صحافی برادری سمیت شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی

جتوئی (نمائندہ آئیڈیل پاکستان کامران ملک) وزیر اعلی پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کی اوپن ڈور پالیسی کے تحت ڈی پی او مظفرگڑھ سید حسنین حیدر کی ڈپٹی کمشنر مظفرگڑھ قرۃ العین میمن کے ہمراہ جتوئی میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر مظفرگڑھ سید حسنین حیدر نے ڈپٹی کمشنر مظفرگڑھ قرۃ العین میمن کے ہمراہ جتوئی میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ کھلی کچہری میں ڈی ایس پی جتوئی، سرکل جتوئی کے ایس ایچ اوز، صحافی برادری سمیت شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ڈی پی او مظفرگڑھ اور ڈپٹی کمشنر مظفرگڑھ نے اسسٹنٹ کمشنر جتوئی جلیل الرحمان خان کے ہمراہ شہریوں کے مسائل کو ساعت کیا اور ان کے حل کیلئے متعلقہ افسران کو موقع پر ہدایات جاری کیں۔ اس موقع پر ڈی پی او مظفرگڑھ سید حسنین حیدر کا کہنا تھا کہ شہریوں کو انصاف کی فراہمی میرا اولین ترجیح ہے، شہریوں کے جان و مال کی حفاظت اور قیام امن کے لئے مظفرگڑھ پولیس ہمہ وقت کوشاں ہے۔

رحیم یار خان، ترنڈہ محمد پناہ قتل کی لرزہ خیز واردات نے ہر طرف کھلبلی مچادی

نامعلوم افراد نے سینئر صحافی محمد ظفر نانچ کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا گیا

رحیم یار خان (بیورو چیف) ترنڈہ محمد پناہ قتل کی لرزہ خیز واردات نے ہر طرف کھلبلی مچادی،، نامعلوم افراد نے سینئر صحافی محمد ظفر نانچ کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا گیا ڈی ایس پی سرکل لیاقت پور اور پولس تھانہ ترنڈہ محمد پناہ نے موقع پر پہنچ کر شواہد اکھٹے کرنا شروع کر دیئے، تفصیلات کے مطابق ترنڈہ محمد پناہ میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے سینئر صحافی نمائندہ خبریں ملک ظفر اقبال نانچ کو قتل کر دیا اطلاع ملتے ہی مقامی پولیس اور ڈی ایس پی موقع پر پہنچ کر تحقیقات شروع کر دی کرائم سین کی ٹیمیں بھی جائے وقوعہ پر پہنچ گئیں اور شواہد اکھٹے کرنا شروع کر دیے صبح سویرے اخبار کی سپلائی کے دوران سینئر صحافی ملک محمد ظفر اقبال نانچ کو ٹارگٹ کلنگ کر کے قتل کیا گیا قتل کی لرزہ خیز وقوعہ یونین آف جرنلسٹس ترنڈہ محمد پناہ کا ہنگامی اجلاس، اجلاس میں سرپرست اعلیٰ خواجہ محمد عامر پیرزادہ، سرپرست ریاض احمد گورگیج، چیئرمین شاہد خان جتوئی، چیئرمین BRY نیوز گروپ جام محمد اصغر ٹانوری، صدر محبوب الرحمٰن شاہ، نائب صدر خان محمد بلوچ، سینئر نائب صدر بلال مجید جتوئی، وائس چیئرمین انصر جتوئی، جنرل سکریٹری عارف خان چانڈیہ، چیئرمین مجلس عاملہ حافظ اسماعیل شہزاد فنانس سیکرٹری سخاوت حسین شاہ رکن مجلس عاملہ ڈاکٹر احمد عرفان و دیگر ممبران شامل تھے جس میں صحافی ظفر اقبال نانچ کے بلندی درجات کے لیے دعائے مغفرت حافظ اسماعیل شہزاد نے کرائی اور آر پی او بہاولپور ڈی پی او رحیم یار خان ڈی ایس پی لیاقت اور ایس ایچ او ترنڈہ محمد پناہ اور اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہیکہ جلد از جلد ملزمان کو گرفتار کر کے کیفر کردار تک پہنچانا جائے اور صحافیوں کو تحفظ اور انصاف فراہم کیا جائے

ممتاز روحانی اور سماجی شخصیت پیر سید اظہارِ الحق بخاری کا انتقال پر ملال

انہوں نے پوری زندگی نماز کی پابندی کی، شریعت کے دائرے میں زندگی بسر کی، اولاد کی بے مثال تربیت کی

فتح جنگ (نامہ نگار) تحصیل دار فتح جنگ چوہدری شفقت محمود خطہ پوٹھوہار کی ممتاز روحانی اور سماجی شخصیت پیر سید اظہارِ الحق بخاری کی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایک عظیم عالم دین وفات ہم سب کیلئے ایک عظیم سانحہ اور افسوسناک واقعہ ہے۔ سید اظہارِ الحق بخاری باعمل، متقی اور پرہیز گار شخصیت تھے، انہوں نے پوری زندگی نماز کی پابندی کی، شریعت کے دائرے میں زندگی بسر کی، اولاد کی بے مثال تربیت کی اور معاشرہ و سوسائٹی میں نام وروشن کیا اور اپنے اخلاق و کردار سے وہ دوسروں کے ہمیشہ نمونہ ثابت ہوئے چوہدری شفقت محمود نے مرحوم کے اہل خانہ سے تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ موت و حیات کا مالک اللہ ہے اور ہر ایک کو اس زندگی سے جانا ہے، سید اظہار الحق بخاری کی موت بھی قضاء الٰہی کا حصہ ہے اور ہم سب انکے درجات کی بلندی کیلئے دعا گو ہیں، اس موقع پر مرحوم کے اہل خانہ کو حوصلہ دیتے ہوئے انھوں نے کہا کہ ہم اس غم میں برابر کے شریک ہیں اور ہر قدم پر آپ سبھی ورثاء کے ساتھ ہیں انھوں نے کہا دنیا میں چند ہی لوگ ایسے ہوتے ہیں جو انسانیت کی خدمت کی بدولت وہ مقام حاصل کر لیتے ہیں کہ اس دنیائے فانی سے کوچ کر جانے کے بعد بھی امر ہو جاتے ہیں۔ آج ہم سوگوار ہیں اور پیر سید اظہار الحق بخاری کو یاد کرتے رہینگے انھوں نے اپنی انسان دوستی اور بلا تفریق خدمت کی بدولت معاشرے میں عزت، نام اور مقام حاصل کیا

کراچی، منتخب نمائندوں نے بلدیہ کراچی میں فنڈز کے لئے مظاہرہ کر کے اجلاس نہیں ہونے دیا۔

کراچی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) بلدیہ کراچی کے منتخب نمائندوں نے بلدیہ کراچی میں فنڈز کے لئے مظاہرہ کر کے اجلاس نہیں ہونے دیا۔ انہوں نے صفورا ٹاؤن، سہراب گوٹھ، میں تنخواہوں کی بندش اور کے ایم سی میں تعیناتیوں اور پنشنرز، ریٹائرڈ ملازمین اور مزدوروں کے حق میں بات نہ کر کے سخت مایوس کیا۔ آئینی عدالت نوٹس لے۔ فاقہ کرانے والے صفورا اور سہراب گوٹھ کے چیئرمین اللہ کے ہاں جوابدہ ہوں گے بدعائیں لے کر کبھی ترقی نہیں کر سکتے۔ کراچی قبضہ مافیا کے ہاتھوں میں ہے۔ مہاجر اتحاد نیشنل موومنٹ اور افسران ایسوسی ایشن کی ملاقات میں تبادلہ خیال کیا گیا۔ متحدہ آفیسرز ایسوسی ایشن کے عدنان آرائیں کی قیادت میں وفد نے جوائنٹ سیکریٹری عقیل انبالوی، اور کوثر سلطانہ سے ملاقات کی۔ بلدیہ کراچی اور ٹی ایم سیز میں مظالم سے آگاہ کیا۔ صفورا ٹاؤن کے چیئرمین کی مکمل غنڈہ گردی، تنخواہوں کی بندش، پٹرول میں گھپلوں فنڈز کی خرد برد سے آگاہ کیا۔ یہی حال سہراب گوٹھ کا ہے۔ جبکہ کے ایم سی نے ملازمین کے خلاف محاذ بنا لیا ہے۔ ذوالفقار شاہ بھی اب مصلحتوں کا شکار ہیں۔ ہم تالہ بندی کی پلاننگ کر رہے ہیں۔

کراچی، سندھ پیرامیڈیکل اسٹاف ویلفیئر ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام سندھ پیرا میڈیکل اسٹاف کے مرکزی صدر اخلاق احمد خان کے اعزاز میں الوداعی تقریب

میں نے اپنی سروس کے دوران مختلف ہسپتالوں میں کام کیا ھے لیکن میں نے آج تک اخلاق احمد خان جیسا مخلص، شریف النفس، اور ایماندار انسان نہیں دیکھا، ڈاکٹر ذیشان سعدی

کراچی (فدا حسین پنہور) سندھ پیرا میڈیکل اسٹاف ویلفیئر ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام سندھ پیرا میڈیکل اسٹاف کے مرکزی صدر اخلاق احمد خان کے اعزاز میں الوداعی تقریب کا اہتمام سول ہسپتال کراچی او۔ ٹی کمپلیکس سیمینار حال میں کیا گیا۔ تقریب میں ایم ایس ڈاکٹر روتھ کے ایم فاؤ سول ہسپتال کراچی ڈاکٹر سید محمد خالد بخاری، اے ایم انڈور ڈاکٹر نظام الدین شیخ، اے ایم پروکیورمنٹ ڈاکٹر ارشاد راجپر، اے ایم جی اینڈ آر ڈاکٹر افشاں نازلی، ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن کے رہنما ڈاکٹر وارث جاکھرانی، ڈاکٹر زیشان سعدی، ڈاکٹر وقار، سینئر ڈاکٹرز ڈاکٹر سعید بھٹو، ڈاکٹر قمر، پاکستان پیپلز پیرا میڈیکل ونگ کے رہنما قیوم مروت، طارق منگی، حضرت کلام، محمد حنیف، محمد شفیق اعوان، اقبال انصاری، آصف بلوچ، میڈیکل ایڈ کمیٹی پاکستان کے شاکر بھائی، محمد خالد، عمران الجی، سمیت، ڈاکٹرز، نرسز، پیرا میڈیکس اور سپورٹنگ اسٹاف نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے قیوم مروت، طارق منگی، حضرت کلام، اقبال انصاری، شاکر بھائی، ڈاکٹر وارث جاکھرانی اور ڈاکٹر زیشان سعدی نے اخلاق احمد خان کی شخصیت پر روشنی ڈالتے ہوئے ان کی خدمات کو خوب سراہا۔ اس موقع پر ایم ایس سول ہسپتال کراچی ڈاکٹر سید محمد خالد بخاری نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میں نے اپنی سروس کے دوران مختلف ہسپتالوں میں کام کیا ھے لیکن میں نے آج تک اخلاق احمد خان جیسا مخلص، شریف النفس، اور ایماندار انسان نہیں دیکھا۔ اخلاق احمد خان نے پیرا میڈیکل کے مسائل کے حل کے لئے پرامن جدوجہد کی اور ہسپتال میں موجود دیگر تنظیموں کو بھی ساتھ لے کے چلے ہیں یہی وجہ ہے کہ آج کی اس تقریب میں ڈاکٹرز، نرسنگ اسٹاف، پیرا میڈکس اور سپورٹنگ اسٹاف کی بڑی تعداد موجود ہے۔ میں بحیثیت ایم ایس سول ہسپتال کراچی اخلاق احمد خان کی خدمات کو خیراج تحسین پیش کرتا ھوں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مرکزی صدر سندھ پیرا میڈیکل اسٹاف اخلاق احمد خان نے کہا کہ میں سب سے پہلے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتا ہوں اور اس کے بعد میں تقریب میں شریک اپنے تمام دوستوں کا بیحد ممنون و مشکور ہوں جنہوں نے ہر قدم پر میری حوصلہ افزائی کی، میرے شانہ بشانہ رہے، میرے آواز پر لبیک کہتے رہے اور مجھے ہمیشہ اپنے بڑے بھائی کی طرح عزت دی اور میرا مان رکھا۔ میں آپ تمام دوستوں کی محبت کو کبھی فراموش نہیں کرسکتا۔ میں سمجھتا ہوں کہ میں نے 41 سال دوران سروس مریضوں کی جو خدمت کی، اور اپنے تمام دوستوں کے ساتھ مل کر پیرا میڈیکل اور سپورٹنگ اسٹاف کے مسائل کے حل کے لئے جو کوششیں کی تھی آج کی اس تقریب میں اللہ تعالیٰ نے آپ دوستوں کی محبت کی صورت میں مجھے میری محنت کا صلاح عطاء فرما دیا ھے جس میں اللہ تعالیٰ کا شکر گزار اور آپ تمام دوستوں کا بیحد مشکور ھوں۔ تقریب میں سندھ پیرا میڈیکل اسٹاف کے محمد روف خان، عبدالرحمٰن شمسی، حسین بلوچ، محمد صدیق بلوچ، محمد اعجاز کو شیلڈ پیش کی گئی۔ اس موقع پر ایم ایس ڈاکٹر سید محمد خالد بخاری نے اخلاق احمد خان کو شیلڈ اور گلدستہ پیش کیا۔ تقریب میں صدر سول ہسپتال کراچی یوسف خان، سلیم جمیل، شاہد شفیع، جاوید انصاری، محمد سعید، عبدالحلیم سومرو، نعیم احمد مخدوم، افضل خان افضال احمد اور یونٹ کے تمام عہدیداران و ممبران نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب کے اختتام پر صدر سول ہسپتال کراچی یوسف خان نے تقریب میں شریک تمام شرکاء کا شکریہ ادا کیا۔

ڈیٹا موجودہ دور کا قیمتی سرمایہ اور معاشی ترقی کا ضامن ہے: احسن اقبال

ہمیں تعلیم، صحت اور گورننس میں انٹرنیٹ تک وسیع رسائی یقینی بنانے میں چیلنجز درپیش ہیں

NL
SDPI
Data for Development

اسلام آباد (ساجد جتوئی) ڈیٹا اب صرف ایک آلہ نہیں رہا بلکہ ترقی اور تبدیلی کا بنیادی ستون بن چکا ہے۔ پائیدار ترقی اہداف (ایس ڈی جیز) کا 68 فیصد حصہ کا انحصار ڈیٹا کے معیار پر ہے۔ تاہم پاکستان جیسے ترقی پذیر ممالک کو ڈیٹا مینجمنٹ اور بنیادی ڈھانچے کے حوالے سے مشکلات کا سامنا ہے۔ یہ باتیں وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی و ترقی پروفیسر احسن اقبال چوہدری نے یہاں ایک اعلیٰ سطح کے سمپوزیم سے خطاب کرتے ہوئے کہیں۔ اس دو روزہ ''ڈیٹا فار ڈیولپمنٹ'' (D4D) سمپوزیم کا انعقاد پالیسی ادارہ برائے پائیدار ترقی (SDPI) نے اقوام متحدہ کے ادارہ برائے آبادی (UNFPA) کے تعاون سے کیا۔ سمپوزیم میں مختلف شعبہ جات کے اہم شراکت داروں نے شرکت کی وفاقی وزیر نے کہا کہ موجودہ دنیا میں ڈیٹا ایک قیمتی سرمایہ بن چکا ہے جو فیصلہ سازی، پیداوار میں اضافے اور معاشی و سماجی ترقی میں اہم ثابت ہوسکتا ہے۔ اس سمپوزیم میں مختلف شعبہ جات کے اہم شراکت داروں نے شرکت کر کے ڈیٹا کی دستیابی اور اس کے مؤثر استعمال کے حوالے سے حکمتِ عملی پر بحث کی۔ پروفیسر احسن اقبال نے اس بات پر روشنی ڈالی کہ پاکستان کو تعلیم، صحت، اور گورننس جیسے شعبہ جات میں انٹرنیٹ تک وسیع رسائی یقینی بنانے میں چیلنجز درپیش ہیں۔ پروفیسر اقبال نے پاکستان میں ڈیٹا کے مؤثر استعمال کی مثالیں پیش کیں۔ انہوں نے ڈیٹا کے استعمال میں اخلاقی اصولوں کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں عوامی اعتماد ڈیٹا جمع کرنے کی کامیابی کیلئے ناگزیر ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان میں 3.8 کروڑ افراد کو انٹرنیٹ تک رسائی حاصل نہیں، جس کے پیشِ نظر حکومت ڈیجیٹل بنیادی ڈھانچے کو وسعت دینے اور کم سہولت یافتہ علاقوں میں کنیکٹیویٹی بڑھانے پر توجہ مرکوز کر رہی ہے نیز 1 لاکھ سے زیادہ نوجوانوں کو آئی ٹی اور ڈیٹا کے شعبوں میں تربیت دی جا رہی ہے۔ انہوں نے ماحولیاتی تبدیلی اور وباؤں کے چیلنجوں سے نمٹنے کیلئے سرحد پار ڈیٹا کے اشتراک کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے لئے ڈیٹا کے ذمہ دارانہ استعمال شفافیت، شمولیت، اور پائیدار ترقی کو یقینی بنانے کے لیے ایک مجبوری ہے۔ اقوامِ متحدہ کے ادارہ برائے آبادی کے نمائندہ ڈاکٹر Shabanelhuay نے اپنے خصوصی خطاب میں کہا کہ جب تک ڈیٹا کو تعلیم، غذائیت، اور زچہ و بچہ کی صحت جیسے شعبوں کیلئے قابلِ عمل علم میں تبدیل نہ کیا جائے اسوقت تک اس کی اہمیت نہیں بنتی۔ انہوں نے ڈیٹا جمع کرنے اور شیئر کرنے میں شفافیت کی ضرورت پر زور دیا۔ قبل ازیں ایس ڈی پی آئی کے بورڈ آف گورنرز کے چیئرمین، سفیر شفقت کاکاخیل نے سمپوزیم کا افتتاح کیا۔ انہوں نے ڈی 4 ڈی اقدام کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ یہ وفاقی اور صوبائی سطح پر سرکاری اداروں کی صلاحیتوں کو مضبوط بنانے میں مددگار ثابت ہو رہا ہے۔ انہوں نے دوست ممالک اور تنظیموں کے ساتھ تعاون کی تعریف کی جنہوں نے اس منصوبے میں حصہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ ڈیٹا مؤثر پالیسی سازی کیلئے ریڑھ کی ہڈی ہے اور اس کی اہمیت کو کم نہیں کیا جاسکتا۔ یو این ایف پی اے کے پروگرام تجزیہ کار مقدر شاہ نے کہا کہ ڈی 4 ڈی منصوبہ ایک طویل مدتی منصوبہ ہے، جس کا مقصد ڈیٹا کی دستیابی میں موجود خلاء کو پُر کرنا اور پالیسی سازی کے لیے معیاری اور مضبوط ڈیٹا کے استعمال کو بہتر بنانا ہے۔ ایس ڈی پی آئی کے ڈپٹی ایگزیکٹو ڈائریکٹر اور D4D کے سربراہ ڈاکٹر ساجد امین جاوید نے اس منصوبے کی وسیع رسائی اور شراکت داروں کو بااختیار بنانے میں اس کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ افغان مہاجرین کے لئے خیبر پختونخوا کے چیف کمشنر شکیل محمد خان صافی نے تقریب میں تین ملین مہاجرین کی رجسٹریشن میں درست ڈیٹا کی اہمیت پر زور دیا۔ بلوچستان کے سیکریٹری برائے منصوبہ بندی و ترقیات، ولی محمد بارچ نے وسائل اور خدمات کے انتظام میں ڈیجیٹلائزیشن اور جیو اسپیشل ڈیٹا کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ سمپوزیم کے اختتام پر پروفیسر احسن اقبال، یو این ایف پی اے کے نمائندہ، ایس ڈی پی آئی کے شفقت کاکاخیل اور دیگر نے پاکستان کے پہلے D4D پورٹل کا افتتاح کیا۔ یہ پورٹل آبادی، صحت، صنف، تعلیم اور دیگر موضوعات پر اہم ڈیٹا کو مرکزیت فراہم کرے گا اور مختلف شعبہ جات میں شفافیت اور تعاون کو بڑھانے میں اہم ذریعہ ثابت ہوگا۔

حاصل پور، بشار الاسد کی حکومت کا اچانک خاتمہ دنیا بھر کی آمریتوں کے لیے ایک واضح انتباہ ہے۔ شجاع الدین شیخ

اسد خاندان جو شام کے اقلیتی فرقہ سے تعلق رکھتا ہے اُس نے 54 سال تک شام پر اپنا قبضہ جمائے رکھا اور اس دوران ملک میں اکثریتی مسلک سے تعلق رکھنے والے شہریوں پر ظلم و جبر کے پہاڑ ڈھائے رکھے

حاصل پور (بیورو چیف) بشار الاسد کی حکومت کا اچانک خاتمہ دنیا بھر کی آمریتوں کے لیے ایک واضح انتباہ ہے۔ (شجاع الدین شیخ) تفصیل بشار الاسد کی حکومت کا اچانک خاتمہ دنیا بھر کی آمریتوں کے لیے ایک واضح انتباہ ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر شجاع الدین شیخ نے ایک بیان میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ اسد خاندان جو شام کے اقلیتی فرقہ سے تعلق رکھتا ہے اُس نے 54 سال تک شام پر اپنا قبضہ جمائے رکھا اور اس دوران ملک میں اکثریتی مسلک سے تعلق رکھنے والے شہریوں پر ظلم و جبر کے پہاڑ ڈھائے رکھے۔ نام نہاد عرب بہار کے دوران بھی بشار الاسد جو سنہ 2000ء میں مسندِ اقدار پر اپنے والد حافظ الاسد کے انتقال کے بعد براجمان ہوئے تھے اُن کے خلاف اپوزیشن اور مسلح باغیوں نے امریکہ اور ترکیہ کی معاونت کے ساتھ بھرپور مزاحمت کی تھی لیکن ایران اور روس کی پشت پناہی کے باعث کامیاب نہ ہو سکے۔ اطلاعات کے مطابق سابق شامی صدر ماسکو فرار ہوگئے ہیں اور مسلح اپوزیشن حیات تحریر الشام نے دمشق، حلب اور ادلب سمیت تمام اہم شہروں پر قبضہ کر لیا ہے۔ بشار الاسد کے جن حامیوں نے ہتھیار ڈال دیے ہیں اُن کے لیے عام معافی کا اعلان کیا گیا ہے جو انتہائی خوش آئند ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ عوام کی منشاء کے برعکس حکومت کرنے اور جبر کا ماحول پیدا کرنے والوں کا بالآخر یہی انجام ہوتا ہے۔ امیر تنظیم نے کہا کہ حیات تحریر الشام کو حکومت سنبھالنے کے بعد بے شمار چیلنجز کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ایک طرف اسرائیل ہے جس نے جولان کی پہاڑیوں پر دوبارہ قبضہ کر لیا ہے اور اُس کا گریٹر اسرائیل کا مذموم منصوبہ کسی سے ڈھکا چھپا نہیں۔ دوسری طرف تحریک کے سربراہ ابومحمد الجولانی پر امریکہ، مغربی یورپ کے ممالک، ایران اور ترکیہ سب دباؤ ڈالیں گے کہ خطے میں اُن کے اہداف کے حوالے سے اُن کی ڈکٹیشن قبول کی جائے۔ پھر یہ کہ روس اس معاملے میں شام کی نئی حکومت کے خلاف کُھلی دشمنی کا اظہار کرے گا۔ امیر تنظیم نے زور دیتے ہوئے کہا کہ اس تبدیلی سے قضیہ فلسطین کو کوئی نقصان نہیں پہنچنا چاہیے۔ اُنہوں نے کہا کہ ہمیں یہ نہیں بھولنا چاہیے کہ احادیث مبارکہ میں حق و باطل کے آخری معرکوں میں شام کی اہمیت کے حوالے سے واضح خبریں موجود ہیں۔ ایسی صورتِ حال میں ضرورت اس امر کی ہے کہ شام کی نئی حکومت ملک میں شریعتِ محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کے نفاذ کا اعلان اور اُس کی طرف پیش قدمی کی کوشش کرے۔ اللہ کی مدد پر بھروسہ رکھے۔ عوام کی بہتری کے لیے اقدامات کرے اور تارکین وطن کی پرامن اور باعزت واپسی کا بھی اہتمام کیا جائے۔ عالمی استعمار کی سازشوں سے ہر صورت میں خود کو محفوظ رکھنا ہوگا۔

بیجنگ، ہلالِ احمر پاکستان کے چیئرمین سردار شاہد احمد لغاری کی سیمینار میں شرکت

سیمینار میں انٹرنیشنل کمیٹی اور انٹرنیشنل فیڈریشن آف ریڈ کراس کے مندوبین بھی شریک تھے

气候变化背景下
如何提升社区韧性
圆桌论坛
Roundtable on Enhancing Community Resilience under the Context of Climate Change
王毅耘 Owen Wong

اسلام آباد/ بیجنگ (سٹی رپورٹر) ریڈ کراس سوسائٹی آف چائنہ کے زیر اہتمام گوہانگ زو میں منعقدہ سیمینار میں ہلالِ احمر پاکستان کے چیئرمین سردار شاہد احمد لغاری کے علاوہ نیپال، بنگلہ دیش، کمبوڈیا، کینیڈا، تاجکستان اور مینگولیا کی نیشنل سوسائٹیز کے حکام نے شرکت کی۔ ریڈ کراس کراس سوسائٹی آف چائنہ کے صدر WaHe نے افتتاحی کلمات میں تمام شرکاء کو خوش ا?مدید کہا۔ اِس سیمینار میں انٹرنیشنل کمیٹی ا?ف ریڈ کراس، انٹرنیشنل فیڈریشن ا?ف ریڈ کراس کے مندوبین بھی شریک تھے۔ اِس موقع پر اپنے کلیدی خطاب میں سردار شاہد احمد لغاری نے موسمیاتی تبدیلیوں سے نبرد آزما ہونے کیلئے اُٹھائے گئے اقدامات کا تفصیل سے ذکر کیا۔ انہوں نے 2022ء کے بدترین سیلاب کے بعد لاکھوں متاثرین کیلئے ہلالِ احمر پاکستان کی خدمات کا بھی احاطہ کیا۔ انہوں نے کوپ 27 اور کوپ 29 کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا کہ ہلالِ احمر پاکستان نے ڈیزاسٹر ریسپانس میکانزم کو مستحکم کیا اور مشترکہ کاوشوں و کمیونٹی کی شراکت سے ریکوری پروگرام کو کامیابی سے پایہ تکمیل تک پہنچایا۔ سیمینار کے شرکاء کو ریڈ کراس سوسائٹی آف چائنہ کی جانب سے گوہانگ زو میں موسمیاتی تبدیلیوں سے مطابقت رکھنے والے ماڈل ویلیج کا دورہ بھی کرایا گیا۔ دریں اثناء گول میز مباحثہ کا اہتمام بھی کیا گیا جس کا موضوع موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کیلئے کمیونٹیز کی استعداد کا بڑھانا تھا۔ شرکاء کو ماڈل ویلیج کے علاوہ تاریخی جنگی میوزیم کا بھی مشاہداتی وزٹ کرایا گیا، گول میز مباحثہ میں نیشنل سوسائٹیز کے مابین روابط کے فروغ، تجربات و پالیسیوں کے تبادلے، تکنیکی کردار اور نوجوانوں کی شمولیت کو موسمیاتی تبدیلیوں سے مطابقت اور درپیش چیلنجز سے نمٹنے کیلئے ضروری قرار دیا گیا۔ گوہانگ زو کے گورنر لی بیگن نے شرکاء کے اعزاز میں عشائیہ بھی دیا۔

تحریک انصاف اور حکومت میں مذاکرات پر اتفاق خوش آئند ہے: انجینئر ندیم ممتاز قریشی

حکومت ہو یا اپوزیشن دونوں کو عوام ہی منتخب کرتے ہیں، ترجیح ملک و قوم کی فلاح ہونی چاہیے: چیئرمین

کراچی (فدا حسین پنہور بیورو چیف سندھ) چیئرمین مستقبل پاکستان انجینئر ندیم ممتاز قریشی نیکہا کہ حکومت اور تحریک انصاف میں مذاکرات پر اتفاق خوش آئند ہے کیونکہ ملک میں مسلسل بڑھتا ہوا سیاسی عدم استحکام جہاں ملکی معیشت کی تباہی کا باعث بن رہا ہے وہاں سیاسی احتجاج اور دھرنوں سے قوم کو درپیش مسائل بھی بڑھتے جا رہے ہیں، حکومت ہو یا اپوزیشن دونوں کو عوام ہی منتخب کرتے ہیں لہذا دونوں کی کوشش ذاتیات کو ایک طرف رکھتے ہوئے ملک و قوم کی فلاح ہونی چاہیے اس کے لیے ضروری ہے کہ تنازعات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے اتفاق رائے سے آگے بڑھا جائے، کیپٹیو پاور پلانٹس کو گیس سپلائی بند کرنے سے ٹیکسٹائل سیکٹر کے توانائی بحران کا خدشہ ہے حکومت کو اس پر بھی توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار سیاسی و معاشی عدم استحکام کے حل کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ صنعتیں اور برآمدات ایک ہی حقیقت کے دو پہلو ہیں اور کسی ملک کی معاشی ترقی میں ان کا عمل دخل بنیادی ہے مگر ہمارے ہاں جوں جوں آبادی میں اضافہ ہو رہا ہے وہاں وزگار کے مواقع مزید بڑھنے کی بجائے کم ہوتے جا رہے ہیں اور اس کے ساتھ صنعتیں بند اور برآمدات کم ہو رہی ہیں۔ انجینئر ندیم ممتاز قریشی نے کہا کہ حکومت کو چاہیے کہ وہ توانائی کے مسئلے کا مستقل حل تلاش کرے تاکہ اس کی وجہ سے جو صنعتوں اور عوام کو مسائل کا سامنا ہے اس سے چھٹکارہ ممکن ہو۔

پبلشر و چیف ایڈیٹر ساجد مصطفیٰ جتوئی نے کرن ذوالفقار پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر دفتر روزنامہ آئیڈیل پاکستان ہجویری آرکیڈ چوک کچہری ملتان سے شائع کیا 0333-9233351